# غنچۂ اُردو - 2

## اُردو کی درسی کتاب

### جماعت دوّم

URDU READER Class : II


FREE



ناشر

حکومت تلنگانہ حیدرآباد

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

SCERT TELANGANA

# غنچۂ اُردو - 2

## اُردو کی درسی کتاب

### جماعت دوّم

**Urdu Reader Class : II**


مدیران

**ڈاکٹر سید مصطفیٰ کمال**

سابق کوآرڈینیٹر وانچارج شعبۂ ترجمہ، مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، حیدرآباد

**ڈاکٹر آمنہ تحسین**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ تعلیم نسواں، مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، حیدرآباد

**جناب محمد عبدالرؤف خیّر**

موظف لکچرر، ایس.آر.آر. ڈگری کالج، کریم نگر

کوآرڈینیٹرس

**جناب این.ایوب حسین**

اکاڈمک مانیٹرنگ آفیسر (اُردو)

راجیوودیا مشن (ایس.ایس.اے)، آندھراپردیش، حیدرآباد

**ڈاکٹر این.اوپیندر ریڈی**

پروفیسر شعبۂ نصاب و درسی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (SCERT)، ریاست تلنگانہ، حیدرآباد


تعلیم حاصل کریں آگے بڑھیں
صبر و تحمل سے پیش آئیں

قانون کا احترام کریں
اپنے حقوق حاصل کریں


ناشر: حکومت تلنگانہ، حیدرآباد۔



SCERT TELANGANA

© Government of Telangana, Hyderabad.

*First Published 2011*
*New Impressions 2012, 2013, 2014, 2015, 2016, 2017,2018, 2019,2020*

All rights reserved.

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.

The copy right holder of this book is the Director of School Education, Hyderabad, Telangana.

This Book has been printed on 70 G.S.M. Maplitho,
Title Page 200 G.S.M. White Art Card

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

SCERT TELANGANA

*Pinted in India*
**at Telangana State Govt. Text Book Press,**
Mint Compound, Hyderabad,
Telangana State.

# پیش لفظ

ماہرین لسانیات نے تحقیق کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ تمام بچوں میں پیدائشی طور پر زبان سیکھنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ وہ اپنے ماحول میں موقع ومحل کے اعتبار سے اپنی صلاحیت کا استعمال کرتے ہوئے فطری طور پر نہایت آسانی سے زبان سیکھ لیتے ہیں۔ ہر زبان کے اپنے نہایت پیچیدہ اصول اور پابندیاں ہوتی ہیں۔ مدرسہ آنے سے قبل ہی بچے باآسانی زبان سمجھتے ہوئے حالات کی مناسبت سے اِسے استعمال کرتے رہتے ہیں۔ مدرسہ میں داخلے سے قبل' زبان کے استعمال کی صلاحیت کے حامل بچوں کا داخلے کے بعد اس کے سیکھنے میں پیچھے رہ جانا ایک غور طلب امر ہے۔

تمام بچوں میں حسب خواہش زبان کے فروغ کے لیے' اساتذہ بامعنی صورتحال پیدا کرکے حالات کی مناسبت سے زبان سیکھنے کے مواقع فراہم کریں۔ اس کے علاوہ' خوف سے بالاتر آزادانہ ماحول فراہم کریں جس میں تمام بچے حصہ لے سکیں۔ اس مقصد کے لیے معاون اُمور درسی کتب میں شامل کیے جانے چاہئیں۔

قومی درسیاتی خاکہ 2005اور RTE 2009 کے ذریعہ بھی یہی تجاویز سامنے آئی ہیں۔ ان کی بنیاد پر ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت کی زیرنگرانی اول اور دوم جماعتوں کے لیے اردو کی نئی درسی کتب' ورک بک کی شکل میں ترتیب دی گئی ہیں۔ یہ کتابیں لفظی طریقہ پر' دیدہ زیب تصاویر کے ذریعہ دلچسپ اور غور وفکر کو انگیز کرنے والے طرز میں بامعنی مشاغل کے ساتھ ترتیب دی گئی ہیں۔ اس میں ہر سبق کا آغاز ایک تصویری منظر سے ہوتا ہے۔ اسی کی بنیاد پر ایک نظم / کہانی / گیت / مکالمہ پیش ہوتا ہے۔ بچوں کی آزادانہ گفتگو' لفظوں اور حروف کی شناخت کے ذریعہ پڑھنے اور لکھنے کی غرض سے اس کتاب میں مشقیں دی گئی ہیں۔ مصرعے جوڑنا' تصاویر اُتارنا' رنگ بھرنا' لسانی کھیل' ذخیرہ الفاظ کا فروغ' تخلیقی صلاحیت کا اظہار وغیرہ کے لیے اس کتاب میں مشاغل شریک کیے گئے ہیں۔ مناسب تدریسی اشیا کے ذریعہ اور منصوبہ بند طریقے پر تدریس کے اس طرز کو روبہ عمل لائیں۔ اس نصاب کا مقصد یہ ہے کہ مختلف پس منظر رکھنے والے بچوں کو آزادانہ طور پر اپنی زبان میں گفتگو کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے اردو زبان پر عبور حاصل کرنے کو یقینی بنائیں۔

نئی سمت میں درسی کتب' ترتیب دینے کے ضمن میں یہ پہلا قدم ہے۔ اس درسی کتاب کے بہتر استعمال کے لیے اساتذہ کو بھی ہدایات دی گئی ہیں۔ ان پر عمل کرتے ہوئے تمام بچوں میں سننا' سوچ کر گفتگو کرنا' روانی سے پڑھنا' فہم حاصل کرکے اپنے الفاظ میں کہنا' ذخیرہ الفاظ کا مناسب مواقع پر استعمال' خود سے لکھنا' تخلیقی صلاحیت کا اظہار جیسی لسانی صلاحیتوں کے حصول کو یقینی بنانے کی ضمانت حاصل کریں۔ اس کے لیے درسی کتب کے ساتھ اسکول لائبریری کی کتابیں اور زائد مواد مطالعہ بھی استعمال کریں۔

اس کتاب کی تدوین میں حصہ لینے والے اساتذہ' اسٹیٹ ریسورس گروپ اراکین' ایس سی ای آر ٹی کے لکچرر و پروفیسر اور مصوّروں کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اسی طرح اس کتاب کی تکمیل میں اپنے قیمتی مشوروں سے نوازنے والے قومی وبین الاقوامی ماہرین مضمون و ماہرین لسانیات ڈاکٹر رما کانت اگنی ہوتری' ڈاکٹر ایچ. کے. دیوان' ودیا بھون سوسائٹی اودے پور اور وقتاً فوقتاً مشورے وہدایات دیتے ہوئے ترغیب دینے والے ڈاکٹر محمد علی رفعت آئی.اے.ایس' اسٹیٹ پراجکٹ ڈائرکٹر راجیوودیا مشن سے بھی خصوصی طور پر ممنونیت کا اظہار کرتی ہوں۔

(بی. شیشوکماری)
ڈائرکٹر
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت
تلنگانہ حیدرآباد۔

تاریخ: 31-03-2011
مقام: حیدرآباد


2020-21
یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔
SCERT TELANGANA

## مصنفین

### این.ایوب حسین
اکاڈمک مانیٹرنگ آفیسر (اُردو)
راجیوودیامشن (ایس ایس اے) تلنگانہ حیدرآباد۔

### محمد افتخار الدین شادؔ
اسکول اسسٹنٹ ورکن اسٹیٹ ریسورس گروپ
گورنمنٹ ہائی اسکول معظم شاہی، ٹپہ چبوترہ، حیدرآباد

### رقیہ تسکین
معلّمہ، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سیکنڈ لانسر گولکنڈہ، حیدرآباد

### بشیرہ بیگم
معلّمہ، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول مستعد پورہ، آصف نگر، حیدرآباد

## کمیٹی برائے ترتیب و تالیف

چیف پروڈکشن آفیسر

**شری بی۔ شیشو کماری**

ڈائرکٹر ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (SCERT)،
تلنگانہ حیدرآباد۔

چیف بزنس مینیجر

**شری آر جیسو پادم**

ڈائرکٹر گورنمنٹ ٹکسٹ بک پریس
تلنگانہ حیدرآباد۔

---

کمپیوٹر لے آؤٹ ڈیزائننگ:

☆ محمد رفیق الرحمٰن، ورنگل ☆ محمد عبدالقادر، ظہیرآباد ☆ ٹی محمد مصطفےٰ، مشیرآباد
☆ محمد معزالدین مکرم، حیدرآباد ☆ محمد ذکی الدین لیاقت، حیدرآباد

آرٹسٹ: کوریلا سری نواس، اسکول اسسٹنٹ ضلع پریشد ہائی اسکول، پوچم پلی، ضلع نلگنڈہ



SCERT TELANGANA

# دُعا

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہوجائے

ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اُس رہ پہ چلانا مجھ کو

- علامہ اقبالؔ

# ترانۂ ہندی

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا
وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا

گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں
گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہمارا

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا
ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا

- علامہ اقبالؔ

SCERT TELANGANA

# قومی ترانہ

- رابندرناتھ ٹیگور

جن گن من ادھی نا یک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڑ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دا یک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

# عہد

پَی ڈیمرّی وینکٹاسبّا راؤ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گوناگوں ورثے پر فخر کرتا ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/کرتی ہوں۔

SCERT TELANGANA

# ہدایات برائے اساتذہ

- اردو کی درسی کتابیں اس طرح ترتیب دی گئی ہیں کہ بچوں میں سننا، سوچ کر بولنا، روانی سے پڑھ کر، سمجھ کر اپنے الفاظ میں کہنا، خود سے لکھنا اور تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار جیسی استعداد کا حصول ممکن ہو سکے۔
- ہر سبق کا آغاز تصویری منظر، نظم، کہانی اور مکالموں سے ہوتا ہے۔
- ہر سبق میں سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا، جیسی استعداد پر مبنی مشاغل کے لیے خصوصی تصویریں (Logos) دی گئی ہیں۔
- سبق کے آغاز سے قبل دئے گئے تصویری منظر سے متعلق سے بچوں سے گفتگو کریں، ان سے غور و فکر پر مبنی سوالات کیے جائیں۔ اس کے بعد سبق کی تدریس شروع کی جائے۔
- نظم پڑھانے سے قبل، اُسے چارٹ یا تختۂ سیاہ پر لکھیں۔ معلم، بچوں کو پہلے نظم پڑھ کر سنائے۔ اس کے بعد بچوں سے پڑھوائیں۔ نظم اداکاری سے پڑھنے کے لیے بچوں کو ریاض کروائیں۔
- نظم / کہانی / گیت کے ذریعہ سکھائے جانے والے مرکزی لفظ کی شناخت بچوں سے کروائیں۔ اس لفظ کے حروف کا تلفظ واضح انداز میں ادا کرنے، پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائیں۔
- سبق کے مرکزی لفظ کے حروف کی شناخت حروف تہجی کے چارٹ میں کروائیں۔
- سننا، بولنا جیسی استعداد پر مبنی مشاغل، کُل جماعتی مشغلوں کے طور پر کروائیں اور اس بات کی ترغیب دیں کہ تمام بچے کمرۂ جماعت میں آزادانہ طور پر اظہارِ خیال کر سکیں۔
- پڑھنے، لکھنے کی استعداد پر مبنی مشاغل، گروہی مشغلوں کے طور پر کروائیں۔
- اس کے لیے درکار حروف تہجی کا اور حروف جوڑ کر لفظ بنانے کے چارٹ وغیرہ قبل از وقت تیار کر لیں، اور ان کا استعمال تدریسی و اکتسابی سرگرمیوں میں کریں۔
- پڑھنے، لکھنے کی استعداد پر مبنی مشاغل سے متعلق ہدایات سے بچوں کو واقف کروائیں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچے انفرادی طور پر تحریری مشاغل کر پائیں۔
- اردو درسی کتاب کے علاوہ بچوں کے ہاں نوٹ بکس بھی ہونی چاہئیں، روزانہ ان نوٹ بکس میں بچوں سے الفاظ لکھوائیں اور املا بھی لکھوائیں۔
- یہ درسی کتاب لفظی طریقے پر ترتیب دی گئی ہے۔ اس میں بچوں کے ماحول اور حالات کو ملحوظ رکھتے ہوئے بامعنی انداز میں عملی سرگرمیوں کے ذریعہ حروف تہجی سے واقف کروایا گیا ہے۔
- اس درسی کتاب میں زیادہ سے زیادہ الفاظ کا تعارف کروانے کے بجائے روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے الفاظ کی بنیاد پر پڑھنے، لکھنے کے مشاغل ترتیب دیئے گئے ہیں۔ مانوس الفاظ کے حروف سے نئے الفاظ بنانے اور ان الفاظ کے استعمال کے لیے مشاغل دیئے گئے ہیں۔
- جماعت اول کے ابتدائی دور میں بچے آزادانہ طور پر بات چیت کرنے اور ان کو آمادہ کرنے کے لیے آمادگی کے اسباق دیئے گئے ہیں۔ یہ تصویری شکل میں ہیں۔ ان کے تعلق سے بچوں سے گفتگو کریں۔
- جماعت اول کی تکمیل تک بچے بے جوڑ الفاظ، جوڑ والے دو حرفی، سہ حرفی الفاظ اور سادہ جملے پڑھنے لکھنے کے قابل ہوں۔ اس کے لیے منصوبہ بند طریقے سے تدریسی و اکتسابی سرگرمیوں کا اہتمام کریں۔
- مدارس کو سربراہ کیا گیا بچوں کا ادب، شبنم کی بوندیں، کہانیوں کی کتابیں، کہانیوں کے کارڈ وغیرہ کا استعمال زائد مواد مطالعہ کے طور پر کریں۔
- زبان اردو کی تدریس کے لیے مختص کردہ 90 منٹ کے وقت میں درسی کتاب پر مبنی مشاغل منعقد کیے جائیں اور مطالعہ کے لیے مختص کردہ پیریڈ میں بچوں کا ادب، شبنم کی بوندیں، جیسے زائد مواد مطالعہ کا بہ ہر صورت استعمال کریں۔
- جماعتوں کے آغاز ہی سے درسی کتاب کے علاوہ بچوں کے ادب سے بھی استفادہ کریں۔
- بچوں کے اکتساب کو نہ صرف درسی کتاب تک محدود رکھیں، بلکہ ممکنہ حد تک زائد مواد مطالعہ و اکتسابی اشیا استعمال کرتے ہوئے لسانی مہارتوں کے حصول کو ممکن بنائیں۔

SCERT TELANGANA

## پیارے بچو!

اسباق میں ان تصاویر کے تحت مختلف مشاغل اور ہدایات دیے گئے ہیں۔ ان پر عمل کیجیے۔



سبق

سبق سنیے ۔اگر سمجھ میں نہ آئے تو معلم سے دریافت کیجیے



سنیے - بولیے

آپ آزادانہ طور پر اپنی زبان میں گفتگو کیجیے



پڑھیے

پڑھیے اور سمجھیے ۔ کہیے یا لکھیے



لکھیے

دیکھ کر لکھیے یا خود سے لکھیے



پڑھیے لطف اٹھایئے

تصویر دیکھیے ۔کہانی سوچیے ،کہانی پڑھیے،کہانی بولیے



سوچیے

سوچ کر گفتگو کیجیے - لکھیے

SCERT TELANGANA



# فہرست عنوانات




| سلسلہ نشان | سبق | سیکھے جانے والے نکات | مہینہ | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| .1 | چلو مدرسہ | اعادہ - حروف تہجی - بے جوڑ و جوڑ والے الفاظ | جون | 2 |
| .2 | پھولوں کی شہزادی | اعادہ - 'ی' معروف و مجہول 'و' معروف و مجہول 'ں' غنہ، مشدد الفاظ | جولائی | 7 |
| .3 | کدّو میاں کی شادی | اعادہ - سادہ جملے | جولائی | 13 |
| .4 | چڑیا کا بچّہ | حروف ب تا ث اور ن، ی، ے کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | اگست | 19 |
| .5 | جگنو | حروف ج تا خ کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | اگست | 26 |
| .6 | دیوالی | حروف د تا ژ کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | اگست | 33 |
| .7 | سرکس | حروف س، ش کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | ستمبر | 39 |
| .8 | صبح سویرے | حروف ص، ض کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | ستمبر | 45 |
| .9 | باغِ علم | حروف ع، غ کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | اکتوبر | 51 |
| .10 | فقیر کی خواہش | حروف ف، ق کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | اکتوبر | 60 |
| .11 | کھیل کود | حروف ک، گ کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | نومبر | 67 |
| .12 | اردو کی مہک | حروف ل، م، ہ کی شکلیں (ابتدائی، درمیانی، آخری) | نومبر | 73 |
| .13 | اچھن کا خواب | تصویری کہانی - بولنا، پڑھنا، لکھنا | نومبر | 80 |
| .14 | عید | تہوار کے بارے میں جاننا - پڑھنا، لکھنا | دسمبر | 86 |
| .15 | فیض کی بہادری | بچوں میں مدد کا جذبہ - پڑھنا، لکھنا | دسمبر | 92 |
| .16 | اندازِ گفتگو | گفتگو کے آداب سیکھنا - پڑھنا، لکھنا | دسمبر | 98 |
| .17 | بھولا خرگوش | تصویری کہانی - بولنا، پڑھنا لکھنا | جنوری | 106 |
| .18 | سانچ کو آنچ نہیں | نظم - سمجھنا، پڑھنا | جنوری | 112 |
| .19 | شرارت | کہانی - بولنا، پڑھنا، لکھنا | فروری | 118 |
| .20 | شبنم کی بوندیں | واحد و جمع کا تعارف | فروری | 124 |
| .21 | کاہل آدمی | تذکیر و تانیث کا تعارف | فروری | 131 |
| | | اعادہ | مارچ | |
| | | اعادہ | اپریل | |


SCERT TELANGANA




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔



## سبق - 1 چلو مدرسہ




SCERT TELANGANA



### سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔


1. آپ مدرسے میں کیا کرتے ہیں؟
2. کیا آپ مدرسے میں صرف پڑھتے ہیں؟
3. آپ کو کون سے مضامین پسند ہیں؟
4. آپ کے پسندیدہ کھیلوں کے نام بتائیے؟
5. تعلیم حاصل کر کے آپ کیا بنیں گے؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

چلو مدرسہ جائیں گے — پڑھ لکھ کر ہم آئیں گے
اُردو، حساب اور انگریزی — سائنس پڑھ کر آئیں گے
پڑھ کر ہم پھر کھیلیں گے — جگ میں دھوم مچائیں گے
چمکائیں گے اپنا کل — آج اگر پڑھ پائیں گے

چلو مدرسہ جائیں گے
پڑھ لکھ کر ہم آئیں گے

(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔



## پڑھیے

(الف) ان حروف کی ''حروفِ تہجی'' کے چارٹ میں نشان دہی کروائیے۔

غ ل ب ٹ س ن ے ش ڈ ہ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | پ | ت | ٹ | ث | |
| ج | چ | ح | خ | د | ڈ | ذ |
| ر | ڑ | ز | ژ | س | ش | |
| ص | ض | ط | ظ | ع | غ | |
| ف | ق | ک | گ | ل | م | |
| ن | و | ہ | ی | ے | | |

SCERT TELANGANA

(ب) تصویر سے متعلق لفظ پر بچوں سے دائرہ بنوائیے۔








| | | | |
|---|---|---|---|
| چاند | کار | مور | کتاب |
| سورج | جہاز | موتی | ورق |
| بادل | ناریل | موز | پنسل |

(ج) تصویر کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔

1۔  میں چڑیا رہتی ہے۔

3۔  میں زراف رہتا ہے۔

2۔  خالی ہے۔

4۔  رسیلا ہوتا ہے۔

(د) نیچے دیے گئے الفاظ پڑھوائیے۔ غبارے کے دھاگے کو ابتدائی لفظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والے لفظ کے اطراف دائرہ بناتے ہوئے آگے اس طرح بڑھوائیے کہ اس کا ربط قائم ہوتا جائے جس طرح ''درد'' اور ''دال'' کو دھاگے سے جوڑا گیا ہے۔

تاج
ناک
رات
جال
کام
لڈو
زور
وعدہ
موز
ہرن
دال
درد



SCERT TELANGANA

(ھ) دیے گئے جملے طلبا سے روانی کے ساتھ پڑھوایئے اور ان میں بے جوڑ حروف کے الفاظ پر دائرہ بنوایئے۔

☆ ژراف کی گردن لمبی ہوتی ہے۔
☆ بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔
☆ دن کے بعد رات آتی ہے۔
☆ طوطے کی ادا مجھے بہت پسند ہے۔
☆ احمد بہت اچھا درزی ہے۔
☆ وادی بہت خوبصورت ہے۔



## لکھیے

(الف) دیے گئے حروف سے دو، دو الفاظ لکھوایئے۔

☆ ب ☆ م ☆ ش ☆ ک ☆ ر

______ ______ ______ ______ ______

______ ______ ______ ______ ______

(ب) خالی جگہوں میں تصویروں کے نام لکھوا کر بچوں سے جملے مکمل کروایئے۔

•  انور کی ہے۔


______ انور کی ہے۔

• یہ  ہے۔

یہ ______ ہے۔

•  ایک ترکاری ہے۔

______ ایک ترکاری ہے۔

•  ٹرّاتا ہے۔

______ ٹرّاتا ہے۔

SCERT TELANGANA

(ج) ان الفاظ کا املا درست کروایئے۔

مثال: اورت = عورت ------------- دوصت = ------------- خدرت = -------------

قرگوش = ------------- آواض = ------------- دانط = -------------

کبوطر = ------------- سورط = ------------- قدمت = -------------


(د) دی گئی تصویر کے متعلق جملے مکمل کراویئے۔



جیسے ◆ طوطے کا رنگ ہرا ہوتا ہے۔

◆ طوطے کی چونچ -------------------

◆ طوطا ------------------- کھاتا ہے۔



طلبا سے کہیں کہ تصویر دیکھیں، اتاریں، رنگ بھریں، نام لکھیں اور بتائیں کہ اس میں کیا چیزیں ہو سکتی ہیں۔



جیسے: کتاب

◆ ----------------- ◆ ----------------- ◆ -----------------

◆ ----------------- ◆ ----------------- ◆ -----------------

SCERT TELANGANA



# سبق - 2 پھولوں کی شہزادی





## سنیے - بولیے


(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1. کیا آپ نے کبھی باغ کی سیر کی ہے؟
2. باغ کی سیر کر کے آپ نے کیسا محسوس کیا؟
3. کیا آپ نے کبھی تتلی پکڑی؟
4. تتلی کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟
5. آپ کو پھول زیادہ پسند ہیں یا تتلی؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔


پھول پہ بیٹھی ہے جو تتلی    سُندر سُندر پیاری پیاری
پھولوں کا منہ چوم رہی ہے    مست ہوا میں جھوم رہی ہے
روپ ہے اس کا سب سے انوکھا    شوخ بھی ہے اور رنگ برنگا
نازک نازک پر ہیں اس کے    جیسے پھول کے نازک پتّے
دلکش دلکش رنگت اس کی    کتنی حسیں ہے پیاری تتلی
بچوں کو بھی پیار ہے اس سے    اس کو پکڑنے پیچھے بھاگے
لیکن یہ تو ہاتھ نہ آئے    پُھر پُھر پُھر پُھر یہ اُڑ جائے

(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔





پڑھیے

(الف) دی گئی تصویروں کے نام پڑھوایئے۔


بھنڈی


اونٹ


چاند


الماری


لٹّو


چکّی


جھولا


گائے

SCERT TELANGANA

(ب) جدول میں دیے گئے الفاظ طلبا سے پڑھوائیں اور ان کا فرق بتائیں۔

| یائے معروف "ی" | یائے مجہول "ے" | واؤ معروف | واؤ مجہول | نون غنہ ں | نون غنہ ن |
|---|---|---|---|---|---|
| ہاتھی | جالے | مورت | ڈھول | ماں | چاندی |
| مولی | چائے | نور | لوٹا | جہاں | اونٹ |
| ککڑی | کپڑے | خون | شور | وہاں | آنکھ |
| چیل | میلا | جھوم | روٹ | اذاں | جنگ |
| فقیر | میدان | بھوک | چور | گاؤں | گیند |
| کبیر | تھیلا | سورج | کھوٹ | آسماں | آنسو |

(ج) دیے گئے الفاظ پڑھوائیے اور 'ی' والے الفاظ پر (✓) کا نشان اور 'یا' والے الفاظ پر "O" دائرہ لگوائیے۔

حقیر تیر امیر کرسی پری لڑکی

موچی فقیر زمین چیل کشتی مچھلی

(د) ذیل کے الفاظ پڑھوائیے اور انہیں ان کی آواز کی بنیاد پر علاحدہ کروائیے۔

میدان کیلے پیڑ لڑکے کیسا میلے تارے سیر شیر


ویسا عینک سیب جیل تیل جیسا پھیلا

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ذیل کی تصویروں کے نام لکھوائیے۔

________ ________ ________ ________ ________

________ ________ ________ ________

(ب) ذیل میں لفظ کے حروف الگ الگ دیے گئے ہیں۔ انھیں ملا کر لفظ لکھوائیے۔

ک ے ل ے _____ ل ڑ ک ے _____ م ے ل ے _____

ش ے ر _____ س ے ب _____ ج ے ل _____

(ج) اشاروں کی مدد سے خانوں میں دیے گئے حروف کو استعمال کرتے ہوئے بامعنی الفاظ بنوائیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | ر | ب | ی | ک | چار پیروں والا جانور | ____________ |
| 2. | ر | ی | و | ا | ایک ترکاری | ____________ |
| 3. | ا | و | ہ | چ | بل میں رہنے والا جانور | ____________ |
| 4. | م | چھ | ی | ل | پانی میں رہتی ہے | ____________ |
| 5. | ے | ر | ش | | جنگل کا راجہ | ____________ |
| 6. | ن | ا | س | پ | لہراتا ہوا زمین پر چلنے والا جانور | ____________ |

SCERT TELANGANA

(د) ذیل میں دیے گئے حروف جوڑ کر الفاظ بنوائیے۔

جیسے

ج + و + ا + ں = جواں　　ب + ا + ت + ے + ں = ______

م + ک + ا + ں = ______　　ر + ا + ت + ے + ں = ______

و + ہ + ا + ں = ______　　آ + س + م + ا + ں = ______

(ھ) دیے گئے حروف جوڑ کر الفاظ بنوائیے۔

ر + ن + گ = ______　　آ + ن + کھ = ______

ج + ن + گ = ______　　پ + ا + ن + چ = ______

ا + و + ن + ٹ = ______　　م + ا + ن + گ = ______

س + ا + ن + پ = ______　　بھ + ے + ن + س = ______

د + ا + ن + ت = ______　　آ + ن + س + و = ______

(و) ذیل کی تصویروں کو دیکھ کر ان کی آوازیں نکالنے اور لکھنے کے لیے بچوں سے کہا جائے۔


______ کرتی ہے۔


______ کرتا ہے۔



______ کرتی ہے۔



______ کرتا ہے۔


______ کرتی ہے۔

SCERT TELANGANA

(ز) طلبا کو حروف جوڑ کر الفاظ لکھنے کے لیے کہا جائے۔








________ ________

________

________ ________

________




________ ________

________



دیے گئے اشاروں کے مطابق طلبا سے اداکاری کروائی جائے۔

☆ پھول سونگھتے ہوئے۔

☆ چھلنی سے چھانتے ہوئے۔


☆ گیند پھینکتے ہوئے۔

☆ قہقہہ لگاتے ہوئے۔


SCERT TELANGANA



# سبق - 3 کدّو میاں کی شادی



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) تصویروں کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1. تصویر میں کیا بتایا گیا ہے؟
2. شادی کس کی ہو رہی ہے؟
3. دلہن کون بنی ہے؟
4. کدّو باراتیوں میں کیوں شامل نہیں ہے؟
5. آپ کو کون سی ترکاری پسند ہے؟
6. شادی کی تقریب کیسی ہوتی ہے؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

منڈی میں ہے منادی  کدّو میاں کی شادی
دلہن بنی ترائی  دعوت ہے سب کی بھائی
دعوت میں آئے آلو  ہیں ساتھ میں رتالو
بیگن بنے ہیں سمدھی  کیا خوب پہنی وردی
گاجر بھی ہے براتی  مولی ہے اس کی ساتھی
بھنڈی مرچ ٹماٹر  لائے سجا کے موٹر
سب نے مٹھائی کھائی  مل کر خوشی منائی

محمد افتخار الدین شادؔ


(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔




## پڑھیے

(الف) تصاویر کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔


یہ اروی ہے۔


املی کھٹّی ہوتی ہے۔


یہ اسکول کا لباس ہے۔


مور خوب صورت پرندہ ہے۔



بوتل میں پانی ہے۔


(ب) دیئے گئے جملے طلبا سے پڑھوائیں۔


- دادا ڈول دو۔
- دروازہ بند کرو۔
- درزی وردی سی رہا ہے۔


SCERT TELANGANA





(ج) تصویروں کی مدد سے ذیل کی کہانی پڑھوائیں۔

 اور  ایک مرتبہ تفریح کے لیے جا رہے تھے۔

راستے میں انھیں  ملا۔ وہ بھی ساتھ ہو لیا۔ جاتے جاتے انھیں  بھی ملی۔

اُس نے بھی ساتھ آنے کے لیے کہا۔ تمام راضی ہوگئے لیکن   کو ساتھ لینا چاہتا

تھا۔  سے سب ناراض تھے۔ کیوں کہ وہ ہمیشہ سب سے لڑتا رہتا تھا۔ لیکن  نے

 سے سب کی دوستی کروائی اور     

نے مل کر شاندار تفریح منائی۔



(د) جوڑ ملا کر سادہ جملے پڑھنے کے لیے کہیں۔


| | |
|---|---|
| آج | ماں سو رہی ہیں |
| وادی | گرمی بہت ہے |
| دادی | بہت سرسبز ہے |



## لکھیے


(الف) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیں اور لکھوائیں۔

1. یہ  ہے۔ یہ ________ ہے۔

2.  روشن ہے۔ ________ روشن ہے۔

SCERT TELANGANA

3.  کپڑے سی رہا ہے۔ ______ کپڑے سی رہا ہے۔

4.  بند ہے۔ ______ بند ہے۔

5. چوہے کی  لمبی ہے۔ چوہے کی ______ لمبی ہے۔

(ج) ایک ہی رنگ میں موجود الفاظ کو جوڑتے ہوئے جملے لکھنے کے لیے کہیں۔

آگ جلا دوڑ ڈال لو کوکی

دو گھوڑا رہا ہے تیل لوٹا قلم

سر میں لا دو

شربت کوئل آم پی

1. ______ 6. ______

2. ______ 7. ______

3. ______ 8. ______

4. ______ 9. ______

5. ______ 10. ______

SCERT TELANGANA

(د) ذیل میں دیے گئے الفاظ جوڑ کر جملے پڑھنے اور لکھنے کے لیے کہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ماں باپ کا | مدد | مانو |
| غریبوں کی | کہنا | کرو |
| دانت | مدرسہ | رکھو |
| صاف | سویرے | رہو |
| وقت پر | صاف | پہنچو |
| صبح | ستھرے | جاگو |

ماں باپ کا کہنا مانو

(ھ) بے ترتیب جملوں کو ترتیب میں لکھوائیں۔

1. دوات کو دادا دو ____________
2. کرو صاف دانت ____________
3. لایا ڈاک ڈاکیہ ____________
4. چڑیا پر ہے ڈال ____________
5. داغ پر ہے چادر ____________

SCERT TELANGANA

(و) مثال میں بتائے گئے طریقے پر متعلقہ عدد کے الفاظ کو جوڑتے ہوئے جملے لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. طوطا | 2. انار | 3. آم | 4. اڑ | 5. میٹھا |
| 6. پیلا | 7. رہا | 8. ہے | 9. رات | 10. بلبل |
| 11. گا رہی | 12. دانت | 13. اندھیری | 14. شور | 15. صاف |
| 16. ادھر | 17. کرو | 18. نہ | 19. کرو | 20. آؤ |

مثلاً 8 + 7 + 4 + 1 = طوطا اُڑ رہا ہے

8 + 5 + 2 = ____________________

8 + 6 + 3 = ____________________

8 + 13 + 9 = ____________________

8 + 11 + 10 = ____________________

17 + 15 + 12 = ____________________

19 + 18 + 14 = ____________________

20 + 16 = ____________________



طلبا سے ان کی پسندیدہ ترکاری کے بارے میں چند جملے لکھوائیں۔

______________________________________

______________________________________

______________________________________

SCERT TELANGANA




# سبق - 4 چڑیا کا بچہ




ایک چڑیا کا بچہ اپنی ماں سے پتنگ
کے لیے ضد کرنے لگا۔




چڑیا اڑ کر گئی اور کہیں سے پیاز کا چھلکا
لے آئی۔



چڑیا نے مکڑی سے دھاگا مانگا۔



نیم کے درخت سے گوند بھی لے آئی۔




ناریل کے درخت نے چڑیا کو تنکا دیا
اور چڑیا نے محنت سے پتنگ بنائی۔



چڑیا کا بچہ خوشی خوشی پتنگ اُڑانے لگا۔

SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) سبق کے بارے میں بچوں سے سوالات کریں۔



1. چڑیا کے بچے کی ضد کیا تھی؟
2. چڑیا نے پتنگ بنانے کے لیے کون کونسی چیزیں اکھٹا کیں؟
3. چڑیا مکڑی سے کیا مانگ کر لائی؟
4. کس درخت سے گوند لے آئی؟
5. تنکا کہاں سے لائی؟
6. کیا آپ بھی اپنی امی سے کسی چیز کے لیے ضد کرتے ہیں؟

(ب) کہانی میں حسب ذیل الفاظ پر "O" لگوائیں۔

ماں ، مکڑی ، مانگ ، محنت ، نیم


(ج) دی گئی تصویروں کے نام بچوں سے کہلوائیں۔





(د) تصویروں کی مدد سے الفاظ پڑھوائیں اور حروف کی شناخت کروائیں۔


بس


پلنگ


بندر


تتلی

SCERT TELANGANA


(ھ) ذیل کے الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوائیں اور ان میں ب، پ، ت، ٹ، ث کے علاوہ ن اور ی کی مختلف شکلوں سے واقف کروائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بارش | بوڑھا | بہن | سبزی | تالاب |
| پانچ | پودہ | پہاڑ | چھپّر | توپ |
| تازہ | توشہ | تم | بستر | بارات |
| ٹانکی | ٹوپی | ٹماٹر | ٹٹّو | چوٹ |
| ثابت | ثواب | ثمر | اکثر | وارث |
| نل | نور | نمک | میز | مکان |
| یکّہ | یوسف | یہاں | نیم | گھڑی |

(و) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔

(i) یہ رانی کی  ہے۔

(ii)  لال ہے۔

(iii) آسمان پر  ہیں۔


(iv) یہ  ہیں۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) تصویروں کے نام لکھوائیں۔

______ ______ ______

______ ______ ______

(ب) جدول میں دیئے گئے حروف کی مدد سے الفاظ بنوائیں۔


مثال: بادام

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب | ا | د | ا | م |
| پ | گ | ڑ | ی | |
| ا | س | ت | ا | ذ |
| ڈ | ا | ک | ٹ | ر |
| ک | ب | و | ت | ر |
| ب | ر | س | ا | ت |

1. ______
2. ______
3. ______
4. ______
5. ______

SCERT TELANGANA

(ج) خالی خانوں کو ب، ت، ٹ، ز، م، ن، و، ے سے پُر کرواتے ہوئے معمے حل کروائیں۔




(د) ب، ت، ٹ اور ن سے شروع ہونے والے سہ حرفی الفاظ لکھوائیں ۔

مثال : بال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |


(ھ) تصویروں کا نام لکھ کر جملے مکمل کروائیں ۔

 کھڑی ہے


------------ کھڑی ہے

 اڑاؤ

---------------- اڑاؤ

 لاؤ


------------ لاؤ

 بند کرو

---------------- بند کرو

SCERT TELANGANA

(و) دائروں میں دیئے گئے ادھورے لفظوں کو جوڑ کر بامعنی الفاظ بنائیں۔




مثال: تالاب

________ ________ ________

________ ________ ________

________ ________ ________

(ز) ذیل کے الفاظ پڑھوائیں۔ اسی طرح کے ہم وزن الفاظ چند اور لکھوائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| رات | پانی | جال |
| بات | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ |

(ح) نیچے دیئے گئے لفظوں کے آخری حروف سے شروع ہونے والے الفاظ لکھوائیں۔

جیسے: چاند – دعوت


______ ______ ______

______ ______ ______ ______ ______

SCERT TELANGANA



طلبا سے کہیں کہ حسب ذیل ترتیب کو ملحوظ رکھتے ہوئے تصویر اتاریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔




SCERT TELANGANA

سبق - 5

# جگنو



گرما کے موسم میں ایک رات اسلم اور اس کے دوست آنگن میں کھیل رہے تھے۔اسلم کی نظر ایک جگنو پر پڑی۔ وہ دوڑ کر بوتل لے آیا اور اس چھوٹے سے چمکتے جگنو کو بوتل میں بند کر دیا۔ بوتل میں بند کرنے کے بعد بھی وہ جگنو چمکتا رہا۔ یہ دیکھ کر سب بچے حیران رہ گئے اور اس بوتل کو اسلم کے دادا جان کے پاس لے گئے۔ دادا جان نے جگنو کو فوراً چھوڑ دینے کا حکم دیا اور کہا ''اس چھوٹے سے کیڑے سے ہمیں سبق حاصل کرنا چاہیے۔ جس طرح جگنو چمک کر دوسرے پرندوں اور جانداروں کو اندھیرے میں روشنی دکھاتا ہے،اسی طرح ہمیں بھی دوسروں کی مدد کرنی چاہیے۔''




SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے کہانی کے بارے میں گفتگو کیجیے۔

1. تصویر میں آپ نے کیا دیکھا؟
2. کیا آپ نے کبھی چمکتے ہوئے جگنو دیکھے ہیں؟
3. کیا آپ نے کبھی کوئی جگنو پکڑا ہے؟
4. اگر آپ کے گھر کے آنگن میں بہت سارے جگنو آ جائیں تو آپ کیا کریں گے؟
5. دادا جان نے کیا نصیحت کی؟



## پڑھیے

(الف) ذیل کے الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوائیں اور ان میں ج، چ، ح، خ کی مختلف شکلوں سے واقف کروائیں۔

جوتا بجلی جج تاج چوہا مچھلی لالچ ناچ

حوض محل فتح طرح خرگوش مخمل تاریخ سوراخ

(ب) درج ذیل تصویروں کے نام پڑھوائیں۔


خرگوش


جوکر


چرخ


چوہا


چراغ


چاقو

SCERT TELANGANA

(ج) درج ذیل تصویریں دکھا کر سوالات کیجیے۔



لفظ 'سرتاج' میں سر پر پہننے والی شے کون سی ہے؟

تاج



لفظ 'اچار' میں کون سا عدد ہے؟

چار



لفظ 'حجّام' میں کون سا پھل ہے؟

جام



لفظ 'آخر' میں کس جانور کا نام شامل ہے؟

خر = گدھا

SCERT TELANGANA

(د) ان جملوں کو پڑھوائیے۔خط کشیدہ الفاظ کے حروف الگ الگ کروائیے۔

مثلاً: حامد = ح + ا + م + د

- حامد نے جام توڑا۔ ______________________
- جج نے چور کو سزا دی ۔ ______________________
- خدا کی حمد بیان کرو۔ ______________________
- حلوہ مزے دار ہے ۔ ______________________

(ھ) ذیل میں دیے گئے سوالوں کو پڑھوائیے اور صحیح جواب سے جوڑنے کے لیے کہیے۔

| | |
|---|---|
| جگنو کو کس نے پیدا کیا؟ | پولیس |
| چور کو کس نے پکڑا؟ | چادر |
| بڑھیا نے کیا اوڑھ لی ہے؟ | خدا |



(و) ذیل کے جملے پڑھ کر صحیح (✓) غلط (✗) کا نشان لگوائیے۔

- جگنو بڑا جانور ہے۔ (    )
- چاندنی رات میں روشنی ہوتی ہے۔ (    )
- جاڑے کے موسم میں گرمی ہوتی ہے۔ (    )
- حلوہ کھٹّا ہوتا ہے ۔ (    )
- پھول خوشبودار ہوتا ہے۔ (    )

SCERT TELANGANA




## لکھیے

(الف)   ان الفاظ کو خوش خط لکھوایئے۔

| جگنو | چادر | خدا | حامد |
|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |

(ب)   ان تصویروں کے نام لکھوایئے۔


________ ________ ________ ________

(ج)   تصویر کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کروایئے۔



- شیر ________ میں پھنسا ہے۔
- ________ جال کتر رہا ہے۔
- ________ دھاگے سے بنا ہے۔


(د)   مندرجہ ذیل تصویروں کی مدد سے جملے لکھوایئے۔

 اندھیرے میں چمکتا ہے۔

مثال: جگنو اندھیرے میں چمکتا ہے۔

احمد کو  بہت پسند ہیں۔

احمد کو ________ بہت پسند ہیں۔

آسمان پر  روشن ہے۔

آسمان پر ________ روشن ہے۔

 مٹھائی بناتا ہے۔

________ مٹھائی بناتا ہے۔

SCERT TELANGANA

(ھ) طلبا سے ایسے الفاظ لکھوایئے جن میں ج، چ، ح، خ کا استعمال ابتدا، درمیان اور آخر میں ہو۔

مثال: ج = جال _____ بجلی _____ حج _____

_____ _____ _____

چ = _____ _____ _____

_____ _____ _____

ح = _____ _____ _____

_____ _____ _____

خ = _____ _____ _____

_____ _____ _____

SCERT TELANGANA

(و) مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروایئے۔

خوشبو چابی حوض چیتا



- گلاب کی _____ بھینی ہوتی ہے۔
- _____ بہت لانبی چھلانگ لگاتا ہے۔
- _____ کے پانی میں رنگین مچھلیاں ہیں۔
- تالے کی _____ کھوگئی۔



ذیل میں طلبا کے پسندیدہ پرندوں کی تصویروں کو چسپاں کروائیے اور ان کے نام لکھوائیے۔

..............................  ..............................

..............................

SCERT TELANGANA



## سبق - 6

# دیوالی



SCERT TELANGANA



### سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1. تصویر میں آپ کو کیا نظر آ رہا ہے؟
2. دیوالی میں گھروں کو کس طرح سجایا جاتا ہے؟
3. دیوالی کے دن کون سی مٹھائیاں بنائی جاتی ہیں؟
4. تصویر میں کون سے پٹاخے نظر آ رہے ہیں؟
5. پٹاخوں کو کھلی جگہ پر کیوں جلانا چاہیے؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

دیپ جلے دیوالی آئی — رنگ برنگی خوشیاں لائی
دور ہوا جگ سے اندھیارا — پھیلا گھر گھر میں اُجیارا
میٹھی میٹھی گھی کی خوشبو — برفی پیڑے جامن لڈّو
پھولوں سے مہکی ہیں فضائیں — ٹھنڈی ٹھنڈی مست ہوائیں
خوب پٹاخے چھوٹ رہے ہیں — دل میں لڈّو پھوٹ رہے ہیں
نئے نئے کپڑے ہیں پہنے — امّی ابّا اور ہم سب نے
آؤ سب کو گلے لگائیں — دل میں پیار کے پھول کھلائیں

پروفیسر اشرف رفیعؔ



## پڑھیے



(الف) طلبا کو ترنم سے نظم پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ اور نظم سے متعلق چند سوالات کیے جائیں۔

(ب) ذیل کے لفظوں کو پڑھوائیے اور نظم میں ان کی شناخت کروائیے۔



ہوا    پیار    دیپ    دیوالی    رنگ برنگی    کپڑے    چھوٹ

پھول    لڈّو    اور    خوب

(ج) تصویروں کے نام کہلوائیے۔




SCERT TELANGANA

(د) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے۔


یہ گھڑا ہے


یہ ڈمرو ہے



یہ درزی ہے


یہ ریل گاڑی ہے


یہ پہاڑ ہے


یہ زیبرا ہے


یہ زراف ہے


یہ دروازہ ہے

(ھ) صحیح لفظ کی مدد سے جملے مکمل کروایئے۔

- ہوا ______ ہے (سرد/نرم)
- رات ____ ہے (اندھیری/سنہری)
- ____ خطرناک ہوتا ہے (اژدہا/بکرا)
- ____ کہنا مانو (بڑوں کا/چھوٹوں کا)

(و) ذیل کے الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوایئے اور ان میں حروف 'ڈ' 'ذ' 'ر' 'ڑ' 'ز' 'ژ' کی شناخت کروایئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دادی | سدا | سرد | اڑان | پیڑ | باڑ |
| ڈور | لڈّو | جھنڈا | زنگ | پرویز | باز |
| ذوق | لذیذ | ذاکر | اژدہا | ٹیلی ویژن | اژدہام |
| رحیم | قمر | تار | ورق | شوق | ناؤ |

(ز) طلبا کو جدول میں دیئے گئے حروف جوڑ کر پڑھنے اور لکھنے کے لیے کہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ی | ن | گ | ڑ | ک |
| ڑ | د | ر | ا | ر |
| ک | ر | ز | ہ | د |
| م | گ | ب | پ | ا |


مثال: مکڑی
- ____________
- ____________
- ____________
- ____________

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) مثال میں بتائے گئے طریقے کے مطابق حروف کو جوڑ کر لفظ لکھوائیے ۔





مثال: مدد

______
______
______
______
______
______

مثال: گرم

______
______
______
______
______
______




(ب) حروف 'د ڈ ذ ر ڑ ز' اور ژ کا استعمال کرتے ہوئے خانہ پری کروائیے اور الفاظ لکھوائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| گ | | ی | ا |
| د | ل | | ل |
| س | | ک | س |
| | ب | ا | ن |
| پ | ہ | ا | |
| | ا | ل | ہ |
| ڈ | ن | | ا |

مثال: گ + ڑ + ی + ا = گڑیا

______
______
______
______
______
______

SCERT TELANGANA

(ج) خالی جگہ میں تصویروں کے نام لکھوایئے اور جملے مکمل کروایئے ۔

مثال  خط لایا ہے۔  شہد شوق سے کھاتا ہے۔

ڈاکیہ خط لایا ہے۔ ________ شہد شوق سے کھاتا ہے۔

یہ احمد کا  ہے۔  گھنا ہے۔

یہ احمد کا ________ ہے۔ ________ گھنا ہے۔

 کی گردن لمبی ہوتی ہے  کپڑے سیتا ہے

________ کی گردن لمبی ہوتی ہے ________ کپڑے سیتا ہے

(د) مثال کے مطابق طلبا سے ہم وزن الفاظ لکھوایئے۔

| چور | پہاڑ | لڈّو | سرد |
|---|---|---|---|
| جیسے مور ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |
| ........ | ........ | ........ | ........ |

SCERT TELANGANA

(ھ) طلبا سے چند ایسی چیزوں کے نام لکھنے کے لیے کہیں جن میں حرف ڈ ٔ ڈ ٔ ذ ٔ ر ٔ ڑ ٔ ز ٔ یا و موجود ہو۔

مثال: ڈمرو ................. ................. .................

................. ................. ................. .................

................. ................. ................. .................

................. ................. ................. .................

................. ................. ................. .................

(و) ذیل کے مصرعوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے مکمل کروائیے۔

دیوالی ، مینا ، طوطا ، برنگی

مثال: دیپ جلے دیوالی آئی ★ دیکھا میں نے ________ پیارا

★ ڈال ڈال پر ________ بولی ★ رنگ ________ خوشیاں لائی



طلبا سے کہیں کہ تصویر دیکھیے، رنگ بھریئے اور نام لکھیے۔




________

SCERT TELANGANA




## سبق - 7

# سرکس



SCERT TELANGANA



### سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟
2. اس تصویر میں کون سے جانور نظر آ رہے ہیں؟
3. سرکس میں جوکر کیا کرتے ہیں؟
4. اس تصویر میں ہاتھی کیا کر رہا ہے؟
5. کیا آپ نے کبھی سرکس دیکھی ہے؟

(ب) آیئے اب ہم احمد اور اکبر کے درمیان ہوئی گفتگو سنتے ہیں۔

اتوار کی شام احمد کی ملاقات اکبر سے ہوئی۔

**احمد:** السلام علیکم اکبر! کیا بات ہے بڑے خوش نظر آ رہے ہو۔

**اکبر:** وعلیکم السلام ! آج میں امّی، ابّا کے ساتھ سرکس دیکھنے جا رہا ہوں۔

**احمد:** سرکس! یہ کیا ہوتا ہے؟

**اکبر:** سرکس میں تربیت پائے ہوئے انسان اور جانور اپنے کرتب دکھاتے ہیں۔

**احمد:** اچھا! یہ بتاؤ سرکس میں کون کون سے جانور ہوتے ہیں؟

**اکبر:** سرکس میں شیر، بھالو، ہاتھی، گھوڑے اور بندر وغیرہ ہوتے ہیں۔

**احمد:** کیا یہ سب اپنے اپنے کرتب دکھاتے ہیں؟


**اکبر:** ہاں بھائی یہ سب ہی نہیں بلکہ انسان بھی کرتب دکھاتے ہیں اور جوکر خوب ہنساتے ہیں۔

**احمد:** پھر تو یہ بڑا دل چسپ تماشا ہے۔

**اکبر:** ہاں! ہاں! تم نے بالکل صحیح کہا۔ یہ دل بہلانے والی بہت اچھی تفریح ہے۔

**احمد:** تو پھر ٹھیک ہے۔ میں بھی اپنے ابّو سے کہوں گا کہ وہ مجھے اور میری بہن فرحت کو سرکس دکھائیں۔

(ج) سبق کے بارے میں طلبا سے سوالات کیے جائیں۔



## پڑھیے

(الف) ذیل کے لفظوں کو روانی سے پڑھوائیں اور س، ش کی مختلف شکلوں سے واقف کروائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سونا | سمندر | بستر | سُست | بنارس |
| شیر | شکر | کشتی | کوشش | خوش |




SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے جملے طلبا سے پڑھوائیں اور ہر طالب علم سے ان کے بارے میں کہلوائیں۔



1۔ میرا نام سمیرہ خانم ہے۔
2۔ میرے والد کا نام رحیم محمد خان ہے۔
3۔ میری والدہ کا نام ہاجرہ خانم ہے۔
4۔ میں دوم جماعت کی طالبہ ہوں۔
5 مجھے کہانیاں پڑھنا اور کھیلنا بہت پسند ہے۔

(ج) ذیل کی تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوائیں۔

(د) ذیل کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کرنے اور پڑھنے کے لیے کہیں۔

شاخیں　　سردی　　سورج　　کشتی

☞ موسم سرما میں ______ ہوتی ہے۔
☞ شجر میں کئی ______ ہوتی ہیں۔
☞ ندی میں ______ ہے۔
☞ ______ مشرق سے نکلتا ہے۔

(ہ) ذیل کے جملے طلبا کو روانی سے پڑھوائیں۔

سچ بولو۔　　سمندر بہت گہرا ہوتا ہے۔　　بڑوں کا ادب کریں۔
خدا کا شکر ادا کرو۔　　استاذ کی عزت کرو۔　　سورج مشرق سے نکلتا ہے۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) حسب ذیل الفاظ خوش خط لکھوائیں۔

شیر آسان مشین سچ شکر سیب

مسجد کوشش بس مشکل سارس

(ب) ان حروف کو جوڑ کر لفظ لکھوائیں۔


| | | |
|---|---|---|
| مثال | س + ا + ج + د = | ساجد |
| | ش + ر + ب + ت = | |
| | س + و + ر + ج = | |
| | ل + ش + ک + ر = | |
| | ش + ل + ج + م = | |
| | ب + س + ت + ر = | |
| | س + ر + ک + س = | |

(ج) ذیل کی تصویروں کے نام طلبا سے لکھوائے جائیں۔


مثال:



شترمرغ







SCERT TELANGANA

 ________  ________

 ________  ________

(د) مثال میں بتائے گئے طریقے پر طلبا سے الفاظ لکھوائیں۔

مثال: سردی قسمت سرکس شربت مشرق کشمش

________________


________________

________________


________________

________________

(ھ) دی گئی تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروائیں۔

صبح سویرے  ________ طلوع ہوتا ہے۔

مجھے  ________ سے ڈر لگتا ہے۔

 ________ بہت میٹھا ہوتا ہے۔

کپڑے  ________ میں رکھتے ہیں۔

یہ  ________ احمد کی ہے۔

SCERT TELANGANA

(و) ان الفاظ کا املا طلبا سے درست کروائیں۔


سابر ............... مسکل ............... مزبوط ...............

سابن ............... حاتھی ............... صیب ...............

توکری ............... بص ...............



طلبا سے کہیں کہ ذیل کی ترتیب کے مطابق تصویر اتاریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA




سبق - 8

# صبح سویرے



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے


(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. تصویر میں آپ کو کس طرح کا منظر نظر آ رہا ہے؟
2. کیا آپ کی دیدی بھی آپ کو چاکلیٹ دیتی ہے؟
3. دادی ماں کے قدموں میں بیٹھا لڑکا کیا کر رہا ہے؟
4. کیا آپ اپنے بڑوں کی خدمت کرتے ہیں؟
5. صبح سویرے اُٹھ کر ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

کہنا فرض بڑوں کا جانو　　ضد نہ کرنا اے نادانو
ادب بڑوں کا کرنا سیکھو　　سیدھی راہ پہ چلنا سیکھو
جھوٹ نہ کہنا، کچھ ہو جائے　　یہ بیماری لگ نہ پائے
گر تم اپنی عزت چاہو　　اچھی سی تم سیرت پاؤ


(ج) طلبا کو یہ نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہیں اور اس نظم میں لکھی گئی نصیحتوں کے بارے میں سوالات کریں۔



پڑھیے

(الف) ذیل کی تصویروں کے نام پڑھوائیں، ان میں ص، ض کی نشان دہی کروائیں۔



صندوق


صابن


ضعیف


حوض


مریض


صوفہ


صراحی


قصاب

SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے لفظ پڑھوائیں اور ان میں ص، ض کا استعمال ابتدا، درمیان اور آخر میں کس طرح ہوا ہے، نشان دہی کروائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صراحی | صوفہ | حصول | قصاب | خاص |
| ضرب | ضرورت | رضیہ | حضرت | حوض |

(ج) ذیل کے جملے روانی سے پڑھوائیں۔

★ حوض میں پانی ہے۔ ★ لڑکی خوب صورت ہے۔ ★ صوفے پر بیٹھو۔
★ صابن سے منہ دھویا کرو۔ ★ صبح سویرے اٹھا کرو۔ ★ صراحی میں پانی ہے۔
★ صندوق میں کپڑے ہیں۔ ★ یہ شخص ضعیف ہے۔

(د) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیں اور پڑھوائیں۔

مریض | صاف | صابن | ضد | حوض

- بیماری میں مبتلا آدمی ________ کہلاتا ہے۔
- ________ سے ہاتھ دھونا اچھی عادت ہوتی ہے۔
- کپڑوں کو اپنے ________ رکھو۔
- ________ کرنا بری عادت ہے۔
- ________ میں پانی ہے۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف)  ان الفاظ کو صاف خط میں لکھوائیں۔

فیصلہ　　ماضی　　ضرب　　حوض

---

---

صورت　　خاص　　تصویر　　صابن

---

---

(ب)  ان حروف کو جوڑ کر لفظ پڑھوائیں اور لکھوائیں۔


مثال

ص + ب + ر = صبر　　　ح + و + ض = ______

م + ر + ض = ______　　　ض + د = ______

ص + ر + ا + ح + ی = ______　　　ص + ا + ب + ن = ______

(ج)  حسب ذیل حروف جوڑ کر الفاظ لکھوائیں۔




مثال: صابن

1. ______
2. ______
3. ______
4. ______
5. ______

SCERT TELANGANA


(د)   ان لفظوں میں ص اور ض کے استعمال پر غور کروایئے اور انھیں صحیح لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ضابن | صرب | حصرت | حاضل | فاصل |
| تضویر | فیضلہ | حوص | ضورت | صرور |

مثال: صابن

(ھ)   حسب ذیل حروف جوڑ کر لفظ بنوائیں اور ان لفظوں کو جملوں میں استعمال کروائیں۔







مثال: حوض

حوض کے پانی کی روزانہ صفائی ضروری ہے۔

SCERT TELANGANA

(و) ذیل کے اشاروں کی مدد سے معمہ حل کرنے کے لیے کہیں۔




1. کپڑے کس میں رکھتے ہیں ؟
2. نہانے اور کپڑے دھونے کے لیے کیا استعمال ہوتا ہے؟
3. پانی کو کس طرح رکھنا چاہیے؟
4. کون سی عادت بری ہے؟
5. ہم آرام سے کس پر بیٹھتے ہیں؟

(ز) طلبا سے، ہم آواز الفاظ لکھوائیں۔

مثال: مرض ــ فرض ــــــــ اصلی ــــــــ

صندوق ــــــــ ماضی ــــــــ

صورت ــــــــ



طلبا کے ساتھ الفاظ کا کھیل کھیلیں۔



نیچے دیے گئے مرکب لفظ ''روپ نگر'' کے حروف سے کئی الفاظ بنائے جا سکتے ہیں۔

☆ روپ ☆ رنگ ☆ پُر ☆ گروپ

☆ پور ☆ نور ☆ نگ ☆ رنگ وغیرہ


طلبا سے کہیں کہ اسی طرح نیچے دیے گئے مرکب لفظ کے حروف سے الفاظ بنائیں۔

بادل برسات

SCERT TELANGANA



# سبق - 9 باغِ علم



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔


1. میز پر آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟
2. لڑکی کیا کر رہی ہے؟
3. بچوں کو کن باتوں سے بچنا چاہیے؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

بچو یہ کہنا مانو          سنجیدہ رہنا سیکھو
آپس میں کیا گُل گُل ہے          کیسا یہ شور و غل ہے
لکھنے پڑھنے والے ہو          علم کے تم متوالے ہو
علم و ہنر پر دھیان دھرو          وقت کو یوں ضائع نہ کرو
غلط سلط حرکت نہ کرو          ملک و قوم نہ رسوا ہو
غیر کوئی یا اپنا ہو          تم سب سے انصاف کرو
جگ میں روشن نام کرو
ایسے صبح و شام کرو

(رؤف خیر)

(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔



## پڑھیے


(الف) حسب ذیل الفاظ کو نظم میں شناخت کروائیں اور "O" کا نشان لگوائیں۔

غل          غلط          ضائع          علم          غیر

(ب) ذیل کی تصویریں بتا کر ان کے نام بچوں سے کہلوائیں۔









SCERT TELANGANA

(ج) ذیل کے حروف ملا کر پڑھنے کے لیے کہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ع + و + ر + ت | = | عورت | غ + ا + ل + ب | = | غالب |
| ا + ن + ع + ا + م | = | انعام | م + غ + ر + ب | = | مغرب |
| ط + ل + و + ع | = | طلوع | چ + ر + ا + غ | = | چراغ |
| ش + م + ع | = | شمع | ت + ے + غ | = | تیغ |

(د) ذیل کے الفاظ پڑھوائیں اور ''ع، غ'' کی شناخت کروائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| عورت | تعلیم | وداع |
| علم | معلوم | وسیع |
| عرش | جمعہ | نفع |
| غیر | بغیر | باغ |
| غلام | مغز | سراغ |
| غم | بغداد | تیغ |

(ہ) طلبا کو جدول کی مدد سے جملے بنانے اور پڑھنے کے لیے کہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| چراغ | شیر | |
| غارمیں | ذہین | |
| عارف | روشن | ہے |
| عمارت | لال | |
| غبارہ | اونچی | |

چراغ روشن ہے

SCERT TELANGANA

(و) طلبا سے کہیں کہ ذیل کے جملے روانی سے پڑھیں۔



- عارف باغ میں چہل قدمی کر رہا ہے۔
- مولوی صاحب کی عینک کھوگئی ہے۔
- عظیم نے انعام حاصل کیا ہے۔
- آسمان میں غبارے اُڑ رہے ہیں ۔
- تعلیم ہر ایک کے لیے ضروری ہے۔



## لکھیے

(الف) طلبا سے ذیل کے الفاظ خوش خط لکھوائیں۔

عالم　　انعام　　طلوع　　عورت　　معلوم

غلام　　بغض　　چراغ　　مغرب　　باغ

SCERT TELANGANA

(ب) طلبا کو ذیل کے حروف جوڑ کر الفاظ لکھنے کے لیے کہیں۔

ع + ا + رف / لم / طف / بد / دت

مثال: عالم




ضل / طلو / شرو / جم + ع

مثال: ضلع

(ج) طلبا سے ذیل کی تصویروں کے نام لکھوائیں۔













SCERT TELANGANA

(د) ان الفاظ کے حروف الگ الگ لکھوائیں۔

غریب = غ + ر + ی + ب

مشعل = ____________

غلیل = ____________

علم = ____________

(ھ) جدول میں دیئے گئے حروف جوڑ کر الفاظ لکھوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | ع | لیم | ____ |
| ان | | ام | ____ |
| ت | | لوم | ____ |
| | | طیل | ____ |


| | | | |
|---|---|---|---|
| م | غ | ز | ____ |
| ب | | رب | ____ |
| م | | داد | ____ |
| فرا | | ت | ____ |


(و) تصویروں کی مدد سے جملے مکمل کروائیں اور لکھوائیں۔

میز پر  ہے۔ ____________

لڑکے کے ہاتھ میں  ہے۔ ____________

طاق میں  ہے۔ ____________

 بہت اونچی ہے۔ ____________

عادل  کھاؤ۔ ____________

SCERT TELANGANA

(ز) خالی جگہ میں ’ع اور غ‘ لکھتے ہوئے لفظ مکمل کروائیں اور لکھوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | و | ر | ت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ے | ن | ک |

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | | ر | ب |


| | | | |
|---|---|---|---|
| | ل | ے | ل |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ا | د | ت |


| | | | |
|---|---|---|---|
| | ر | ی | ب |


طلبا کو راستہ تلاش کرنے کے لیے کہیں۔

شیر کو زراف تک پہنچنے کے لیے جن حروف سے گزرنا پڑرہا ہے ان حروف کو ملا کر لفظ بنانے اور لکھنے کے لیے کہیں۔






SCERT TELANGANA



مرغی کو باغ میں ایک چابی ملی۔

مرغی نے عینک سے پوچھا
''کیا یہ تمہاری چابی ہے؟''
عینک نے کہا
''نہیں یہ تو میری چابی نہیں ہے''۔






غبارے سے پوچھا
''کیا یہ تمہاری چابی ہے؟''
غبارے نے کہا
''نہیں یہ تو میری چابی نہیں ہے''۔


SCERT TELANGANA



چراغ سے پوچھا
”کیا یہ تمہاری چابی ہے؟“
چراغ نے کہا
”نہیں بہنا یہ تو میری چابی نہیں ہے“۔

تھکی ہاری مرغی نے عمارت سے پوچھا
”کیا یہ تمہاری چابی ہے؟“





عمارت نے خوش ہوکر جواب دیا
”ہاں ہاں یہ میری ہی چابی ہے شکریہ۔
یہ لو تمہارا انعام“۔ یہ کہہ کر اس نے مرغی
کو ایک انگوٹھی دی۔


SCERT TELANGANA



# سبق - 10 فقیر کی خواہش



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. ضعیف شخص لڑکے کے گھر کیوں آیا ہوگا؟
2. ضعیف شخص کے ہاتھ میں کیا ہے؟
3. اس تصویر میں موجود چیزوں کے نام بتائیے اور وہ کس حرف سے شروع ہوتے ہیں بولیے۔
4. لڑکے کے ہاتھ میں کیا ہے؟
5. جب کوئی فقیر آپ کے گھر آئے تو آپ کیا کرتے ہیں؟
6. کیا آپ نے کبھی کسی ضرورت مند کی مدد کی ہے؟

(ب) ذیل کی نظم ترنم اور اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

گھر آیا ایک میرے فقیر — اس نے مانگی مجھ سے کھیر
ماں نے بتایا آج ہے پیر — نہیں بنائی میں نے کھیر
جو کچھ ہو تم دے دو قدیر — خالی ہاتھ نہ جائے فقیر
میں یہ بولا بابا فقیر — لے لو کیلے، نہیں ہے کھیر
اس نے کہا خواہش ہے مری — کھاؤں آج میں تازہ کھیر
اگلی بار جو تم آؤ — ممکن ہے مل جائے کھیر
لیکن اتنا یاد رکھو — پچتی کب ہے سب کو کھیر!

(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہیں اور نظم کے بارے میں چند سوالات کریں۔



## پڑھیے


(الف) دیے گئے الفاظ روانی سے پڑھوائیں اور 'ف'، 'ق' کی مختلف شکلوں سے واقف کروائیں۔

فقیر    خفا    ضعیف    صاف    فکر    وفا    قندیل    رفیق


کیف    برف    قدیر    حقیر    سبق    شوق    حقیقت    صندوق

(ب) مثال کے مطابق الفاظ جوڑتے ہوئے پڑھوائیں۔

مثال: فا+رغ = فارغ




مثال: قا + ری = قاری




SCERT TELANGANA

(ج) تصویروں کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کرواتے ہوئے جملے پڑھوائیں۔



______ سے کپڑے کاٹتے ہیں۔



______ جیل کی سلاخوں میں بند ہے۔



______ بھیک مانگ رہا ہے۔



______ بندوق لیے کھڑا ہے۔



یہ ایک خوب صورت ______ ہے۔

(د) ان الفاظ کے جملے روانی سے پڑھائیں اور ان کے مماثل جملے طلبا سے کہلوائیں۔ کہے گئے جملے تختۂ سیاہ پر لکھیں اور پڑھوائیں۔

فائدہ — فوّارہ — قلم — قرآن — قفل — فون

مثال: فائدہ

☆ علم حاصل کرنے سے ہمیں کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

☆ ورزش کے کئی فائدے ہیں۔

فوّارہ

☆ فوّارہ خوب صورت ہوتا ہے۔

SCERT TELANGANA

قلم

☆ قلم کی طاقت سب سے بڑی طاقت ہے۔



قرآن

☆ قرآن کی تلاوت نیک عادت ہے۔

قفل

☆ دروازے پر قفل لگاتے ہیں۔

فون

☆ دور رہنے والوں سے فون پر بات کی جاسکتی ہے۔



## لکھیے

(الف) ذیل کے الفاظ خوش خط لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فن | قفل | صرف | مشرق | عقل مند |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| فرض | چقندر | فاروق | فصل | رفیق |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

SCERT TELANGANA

(ب) دیئے گئے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے جملے لکھوائیں۔

مثال: فلک = فلک پر تارے چمک رہے ہیں

قندیل =

قیدی =

فرش =

فصل =

(ج) طلبا سے کہیں کہ بچوں کے ادب کی کوئی کتاب پڑھ کر اس میں موجود 'ف' اور 'ق' سے شروع ہونے والے پانچ پانچ الفاظ لکھیں۔

"ف" "ق"



طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے والد/ والدہ کی مدد سے ایسے ناموں کی فہرست تیار کریں جن میں 'ف'، 'ق' کا استعمال ہوا ہو۔

SCERT TELANGANA

کسی گاؤں میں ایک نابینا شخص تھا۔ اس کا نام فرقان تھا۔ ایک دن رات میں اس کے یہاں پانی ختم ہوگیا۔






فرقان، گھڑا اور قندیل لیے کنویں کی طرف چل پڑا۔

SCERT TELANGANA



کنویں سے پانی بھر کر گھڑا اپنے
کاندھے پر رکھ لیا اور قندیل
ہاتھ میں لیے گھر کی جانب چل
پڑا۔ راستے میں ایک فقیر نے
فرقان کو آتے دیکھا۔

فقیر نے ہنستے ہوئے کہا، ''بھائی تم تو
اندھے ہو بھلا تمھیں رات کے
وقت قندیل کی کیا ضرورت؟''
فرقان نے مسکرا کر جواب دیا ،
''ارے بدھو یہ قندیل تمھارے لیے
ہے، تاکہ اندھیرے میں تم مجھ سے
ٹکرا کر میرا گھڑا نہ توڑ دو'! یہ سن کر
فقیر شرمندہ ہو گیا۔




SCERT TELANGANA



سبق - 11

# کھیل کود





## سنیے - بولیے


(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. اس تصویر میں لکڑی سے بنی چیزوں کے نام کہیے۔
2. اس تصویر میں بچّے کیا کر رہے ہیں؟
3. آپ کون سا کھیل پسند کرتے ہیں؟
4. آپ نے کبھی جھگڑا کیا ہے؟ کس کے ساتھ اور کیوں؟
5. اچھے بچّوں کی چند خوبیاں بتائیے۔

(ب) طلبا کو یہ نظم ترنم و اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

کھیلوگے کودوگے ہوگے خراب	پڑھو گے لکھو گے بنوگے نواب
برائی کروگے تو ہوگا عذاب	کروگے بھلائی ملے گا ثواب
نہ تم کرنا کوئی برائی یہاں	کہ محشر میں ہوگا سبھی کا حساب
کبھی تم نہ جانا گناہوں کے پاس	گناہ گار پر ہے خدا کا عذاب
اگر سیکھنا ہو نصیحت تمہیں	پڑھو تم ہمیشہ خدا کی کتاب

(ج) اس نظم کو ترنم و اداکاری سے پڑھوائیں اور اس پر گفتگو کریں۔



## پڑھیے

(الف) ذیل کی تصویروں کے نام بچوں سے پڑھوائیں۔



گینڈا



پالک



مکڑی



کٹورا



مگرمچھ



گاجر

SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے الفاظ روانی سے پڑھنے کے لیے کہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جگ | گڑیا | کبوتر | جگنو |
| گلاب | بکری | گاجر | ٹوکری |
| جنگل | حکیم | شکر | کسان |
| سڑک | گائے | مالک | آگ |


(ج) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔

1.  پالتو جانور ہے۔

3.  پتّے کھاتی ہے۔

2.  دانہ کھا رہا ہے۔

4.  میں پودا ہے۔

5.  کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے۔

(د) حروف کو جوڑ کر الفاظ پڑھوائیں۔

| | |
|---|---|
| گ + ے + ن + د + ا = گیندا | گ + م + ل + ا = گملا |
| ل + ک + ی + ر = لکیر | ل + گ + ا + م = لگام |
| م + ک + ڑ + ی = مکڑی | ل + ن + گ + و + ر = لنگور |
| م + ک + ا + ن = مکان | پ + ل + ن + گ = پلنگ |

SCERT TELANGANA

(ھ) معلم ذیل کا پیراگراف پڑھ کر سنائے اور طلبا کو 'ک' 'گ' سے شروع ہونے والے الفاظ علاحدہ کرنے کے لیے کہے۔

کریم اور گوہر دونوں آپس میں دوست تھے اور ایک ہی جماعت میں پڑھتے تھے۔ ان کی ٹیچر ہمیشہ کہا کرتی تھیں کہ ضرورت مندوں کی مدد کرنی چاہیے۔ ایک دن وہ باغ میں گیند سے کھیل رہے تھے کہ ان کی نظر ایک کتّے پر پڑی جو سڑک پر دوڑتے ہوئے اسکوٹر سے ٹکرا کر زخمی ہو گیا تھا۔ کریم اور گوہر اس کتّے کو فوراً ڈاکٹر کے پاس لے گئے اور ڈاکٹر سے اس کی مرہم پٹی کروائی۔

_____ _____ _____ _____

_____ _____ _____ _____

_____ _____ _____ _____



## لکھیے

(الف) ان لفظوں کے حروف الگ الگ کر کے لکھوائیں۔

مثال: کرسی = ک + ر + س + ی

لکڑی = _____　　دیمک = _____

جنگل = _____　　انگور = _____

حاکم = _____　　دکان = _____

(ب) خالی جگہوں پر تصویر کا نام لکھوائیں اور جملے پڑھوائیں۔

مثال: اسما کے ہاتھ میں  ہے۔　　اسما کے ہاتھ میں کتاب ہے۔

پانی میں  ہے۔　　 دانہ کھا رہا ہے۔

پانی میں _____ ہے۔　　_____ دانہ کھا رہا ہے۔

خرگوش  کھا رہا ہے۔　　 جل رہی ہے۔

خرگوش _____ کھا رہا ہے۔　　_____ جل رہی ہے۔

SCERT TELANGANA

(ج) خالی خانوں میں حروف ک یا گ استعمال کر کے لفظ بنوائیں اور لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ب | و | ت | ر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پ | ا | ل | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پ | ت | ن | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ل | ا | ب |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | | ل | ا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | | ڑ | ی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پ | | ڑ | ی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | م | ل | ا |

(د) جدول میں موجود حروف کی مدد سے بامعنیٰ الفاظ لکھوائیں۔

مثال: پ + ا + گ + ل = پاگل

| | | | |
|---|---|---|---|
| پ | ا | ل | ک |
| ا | ک | گ | ک |
| گ | م | ا | ڑ |
| ل | ل | م | ی |

=

=

=

=

(ہ) دیئے گئے جملوں کو طلبا سے خوش خط لکھوائیں۔

کبوتر دانہ کھا رہا ہے۔

کوثر کو گلاب پسند ہے۔

خرگوش جال میں پھنس گیا۔

کٹورے میں کھیر ہے۔

بکری گھاس کھا رہی ہے۔

خوشبو مہک رہی ہے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔
SCERT TELANGANA

(و) چند ایسے الفاظ لکھوائیں جن کی ابتدا، درمیان اور آخر میں ک یا گ استعمال ہو۔

ک = ________ ________ ________ ________

گ = ________ ________ ________ ________

(ز) ذیل کی ہدایتوں کی روشنی میں طلبا کو کھیل میں عملی طور پر مصروف کریں۔

طلبا کی جوڑیاں بنائی جائیں۔ ایک جوڑی کو کوئی ایک رنگ کا نام بتانے کے لیے اور دوسری جوڑی کو اس رنگ کا پھول یا کسی شئے کا نام بتانے اور لکھنے کے لیے کہا جائے۔ اس کے لیے ایک منٹ کا وقت دیں۔ اگر ایک منٹ میں رنگ و شئے کا نام نہیں بتایا گیا تو دوسری جوڑی کو موقع دیا جائے۔ اس طرح جو جوڑی سب سے زیادہ رنگ اور اشیا کے نام بتائے گی اور لکھے گی، وہ کامیاب قرار دی جائے گی۔

مثال: (پہلی جوڑی) لال ________


(دوسری جوڑی) لال گلاب ________

(دوسری جوڑی) پیلا ________

(پہلی جوڑی) پیلا لیمو ________



طلبا سے کہیں کہ تصویر دیکھیں، اتاریں، رنگ بھریں اور اس کے بارے میں دو جملے لکھیں۔



________


________


SCERT TELANGANA

# اُردو کی مہک



## سبق - 12



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. یہاں سب بچے کیوں اکٹّھا ہوئے ہیں؟
2. اندازہ کیجیے کہ لڑکا اور لڑکی کیا پڑھ رہے ہیں؟
3. کیا آپ نے کبھی اس طرح کے پروگرام دیکھے ہیں؟
4. کیا آپ کے اسکول میں سالانہ جلسہ منعقد کیا جاتا ہے؟
5. اگر سالانہ جلسہ منعقد کیا جائے تو آپ کس طرح حصہ لینا چاہیں گے؟

SCERT TELANGANA

(ب) اس نظم کو ترنم و اداکاری سے پڑھ کر سنائیں۔

جو کوئی بھی اُردو بولے — وہ محفل میں خوشبو گھولے
چھم چھم جیسے گھنگرو بولے — سر پر چڑھ کر جادو بولے
اتنا میٹھا لہجہ اس کا — کوئل جیسے کُو کُو بولے
تن بھی ڈولے من بھی ڈولے — کوئی جب جب اُردو بولے

(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔



## پڑھیے

(الف) یہ الفاظ روانی سے پڑھوائیں اور نظم میں ان کی شناخت کروائیں۔

محفل — من — بولے — گھولے — چھم چھم
کوئل — میٹھا — لہجہ — ڈولے

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے روانی سے پڑھوائیں۔

 انڈا دیتی ہے۔  کی آنکھیں خوب صورت ہوتی ہیں۔

 چالاک ہوتی ہے۔  پھُدکتا ہے۔

کسان  چلاتا ہے  پانی میں رہتی ہے۔

 کی دھار تیز ہوتی ہے۔  جالا بنتی ہے۔

SCERT TELANGANA

(ج) نیچے دیے گئے الفاظ پڑھنے اور حروف 'ل' 'م' 'ہ' کے نیچے خط کھینچنے کے لیے کہا جائے۔

فلک    کل    لشکر    ہرن    موم    جال

خربوزہ    شہر    مکڑی    کہانی    بادام    چمن

(د) ذیل کے سوالوں میں ہی جواب پوشیدہ ہیں، انھیں تلاش کرنے اور لکھنے کے لیے کہا جائے۔

- لفظ 'لشکر' میں میٹھی چیز کے لیے کون سا لفظ پوشیدہ ہے؟
- لفظ 'پرندہ' میں اڑنے میں کون مدد کرتا ہے؟
- لفظ 'ناریل' میں سفر کرنے والی چیز کون سی ہے؟
- لفظ 'کمہار' میں گلے کا کون سا زیور شامل ہے؟
- لفظ 'چوٹی' میں ایسی کون سی چیز ہے جس سے تکلیف ہوتی ہے؟



## لکھیے

(الف) ذیل کے جملے طلبا کو صاف خط میں لکھوائیں۔

کمان اونچی ہے۔

شلجم میٹھا ہے۔

ہلدی ایک دوا بھی ہے۔

جنگل میں مور ناچ رہا ہے۔

SCERT TELANGANA

(ب) خالی خانوں میں 'ل' 'م' 'ہ' کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ لکھوائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال: | م | ے | د | ا | ن | = | میدان |
| | ج | ا | | ن | | = | |
| | س | ت | ر | | | = | |
| | | ک | ا | ن | | = | |
| | م | ق | ا | | | = | |
| | | و | ہ | ا | | = | |
| | م | ا | | ک | | = | |

(ج) خالی جگہوں کو قوسین میں موجود مناسب الفاظ سے پُر کروائیں۔

میں نے ________ منگوایا۔ (کھلونا۔تختی)

میں نے ________ جلائی۔ (چراغ۔موم بتی)


میں نے ________ خریدا۔ (کتاب۔قلم)

میں نے ________ کھائی۔ (مٹھائی۔لڈو)

میں نے ________ سنائی۔ (گیت۔کہانی)

SCERT TELANGANA

(د) دی گئی تصویروں کے بارے میں ایک ایک جملہ لکھوائیں۔










ذیل کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے ہر لفظ سے دو جملے لکھوائیں۔


محل　　ملکہ　　ہار


SCERT TELANGANA



جنگل میں ایک مرتبہ ہاتھی کے پیر میں کانٹا چبھ گیا۔
خرگوش نے ہاتھی کو لنگڑا کر چلتے ہوئے دیکھا۔


ہاتھی کے پیر سے خرگوش نے
کانٹا نکالا۔ ہاتھی کو آرام ملا۔






ایک دن خرگوش کسی
کام سے شہر جا رہا تھا۔


SCERT TELANGANA



راستے میں ایک لومڑی،
خرگوش کو دیکھ کر اُس کا پیچھا کرنے لگی۔

سامنے سے ہاتھی آ رہا تھا۔ خرگوش
دوڑ کر ہاتھی کی پیٹھ پر چڑھ گیا۔





لومڑی نے جب ہاتھی کو دیکھا
تو دم دبا کر بھاگ گئی۔

SCERT TELANGANA

سبق - 13

# اچھّن کا خواب




SCERT TELANGANA




## سنیے - بولیے

(الف) تصویروں کے بارے میں طلبا سے حسب ذیل سوال کرتے ہوئے گفتگو کریں۔

1. تصویروں میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟
2. درخت پر کون سے پھل لگے ہیں؟
3. کیا مچھلیوں کے پر ہوتے ہیں؟
4. کیا آپ نے کبھی اڑتے ہوئے گھوڑے کی سواری کی ہے؟

(ب) طلبا کو دل چسپ انداز میں یہ کہانی سنائیں:

ایک رات اچّھن گہری نیند سو رہا تھا۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ وہ ایک گھوڑے پر سوار آسمان میں اُڑ رہا ہے۔ اچّھن کو بادل میں مچھلیاں اڑتی ہوئی اور درختوں پر چاکلیٹ لگے نظر آئے۔ وہ گھوڑے پر بیٹھا ہوا چاکلیٹ توڑنے کی کوشش کرنے لگا۔ لیکن وہ اس کوشش میں گھوڑے سے نیچے گر پڑا۔ اتنے میں ماں کی آواز آئی! بیٹا ''کیا ہوا؟ تم پلنگ سے نیچے کیسے گر پڑے؟



## پڑھیے

(الف) حروف کی شناخت کرواتے ہوئے الفاظ پڑھوائیں۔

پھل ، پھول ، کھاٹ ، گھاٹ ، کچھوا ، تھال ، چھال


چھوٹ ، دھوپ ، ڈھال ، دھان ، گھر ، کھلونا ، مچھر

(ب) تصویروں کے نام کہلوائیں۔













SCERT TELANGANA

(ج) تصاویر کے نام پڑھنے اور رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔


ہری بھنڈی


نیلی جھنڈی


گھمنڈی بلّی


ٹھنڈی قلفی

(د) دیئے گئے الفاظ کے ذریعہ جملے مکمل کروائیں اور پڑھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تھیلی | مچھلی | گھوڑے | دھواں | ڈھونگ |

- رونے کا ______ نہ کرو۔
- اس تالاب پر ______ کا شکار نہ کرو۔
- احمد ______ پر بیٹھا ہے۔
- سامان ______ میں لاؤ۔
- آگ ٹھنڈی ہونے پر ______ اُٹھتا ہے۔

(ھ) پہیلی پڑھوائیں اور اسے بوجھنے کے لیے کہیں۔



1. ❄ میں ایک چار حرفی لفظ ہوں۔
❄ میرا دوسرا حرف مخلوط حرف 'چھ' ہے۔
❄ میرا پہلا حرف 'م' ہے۔
❄ میرا گھر پانی میں ہوتا ہے۔

SCERT TELANGANA

2. ❄ میں ایک مخلوط حرف 'جھ' سے شروع ہوتا ہوں۔ (            )

❄ میں ایک تین حرفی لفظ ہوں۔

❄ میں ٹھنڈی چھاؤں دیتا ہوں۔

## لکھیے

(الف) جدول کی مدد سے الفاظ لکھوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب پ ج د ک گ ڈ | ھ | ول | ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______ |

(ب) ان لفظوں کے حروف الگ الگ کر کے لکھوائیں۔

کھیل = ____+____+____　　　گھاٹ = ____+____+____

پھول = ____+____+____　　　گھوڑا = ____+____+____+____

بھیّا = ____+____+____+____

(ج) خالی جگہوں پر تصویروں کے نام لکھ کر اشعار مکمل کروائیں۔





◆ پھولوں پر اڑتی ہے تتلی
جل میں جیسے پھرتی ہے ______

◆ گرم کیا پھر اس کو موڑا
لوہے پر مارے پھر ______

◆ انسانوں کا ہے یہ ساتھی
گنّا شوق سے کھاتا ______

◆ اپنی ضد پر کیوں ہے اَڑی
وقت بتائے دیکھو ______

(ھ) بے ترتیب الفاظ کو ترتیب وار لکھوا کر مناسب جملے بنوائیں۔

مثال: تیز دھوپ ہے بہت آج : آج بہت تیز دھوپ ہے

1. تین رنگ ہوتے جھنڈے میں ہیں۔

2. کھلونے ہوتے ہیں کو پسند بچوں بہت

3. دھوتا دھوبی کپڑے ہے۔

4. پودے لہلہا رہے کھیتوں میں ہیں۔

5. دھواں رہا ہے نکل لکڑیوں سے

(و) خالی جگہوں کو پُر کرتے ہوئے جملے مکمل کروائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گھٹا | چھال | دودھ | دھوپ | کھیل |

1. آسمان پر کالی ______ چھائی ہوئی ہے۔

2. ______ متوازن غذا ہے۔

3. گرما میں ______ بہت تیز ہوتی ہے۔

4. بچے ______ رہے ہیں۔

5. نیم کی ______ سے دوائی بنائی جاتی ہے۔



(ز) ذیل کے الفاظ سے دو دو جملے لکھوائیں۔

| | جھوٹ | پھول |
|---|---|---|
| .1 | ______ | ______ |
| .2 | ______ | ______ |


SCERT TELANGANA

(د) دیے گئے جملوں کو صحیح جوڑ کر صاف خط میں لکھنے کی ترغیب دیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | دھوبی کا گدھا | ان پڑھ رہ جاؤ گے۔ | ________________ |
| .2 | کھچڑی پکایا | مت کرو۔ | ________________ |
| .3 | مچھلی | گھر کا نہ گھاٹ کا۔ | ________________ |
| .4 | ڈھونگ | اور خوب کھایا۔ | ________________ |
| .5 | نہیں پڑھو گے تو | جل کی رانی ہے۔ | ________________ |



طلبا سے کہیے کہ: مچھلی کی تصویر اتاریں، رنگ بھریں اور اس سے متعلق دو جملے لکھیں۔



________________________________

________________________________


SCERT TELANGANA



سبق - 14

# عید





## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. یہ تصویر کس کی ہے؟
2. لوگ کیوں جمع ہیں؟
3. نماز کے بعد اکثر دعا میں خدا سے کیا مانگتے ہیں؟
4. مسلمانوں کی عیدیں کون سی ہیں؟

SCERT TELANGANA

(ب) طلبا کو نظم ترنم و اداکاری سے پڑھائیں۔

دیکھو عید جو آئی ہے　　خوشیاں ساتھ میں لائی ہے
جوتے، کپڑے اور بالی　　بابا نے دلوائی ہے
کھیر پکائی امی نے　　سب نے مزے سے کھائی ہے
خالہ ماموں بھیا سے　　عیدی ہم نے پائی ہے
دیکھو عید جو آئی ہے　　خوشیاں ساتھ میں لائی ہے

فوزیہ سلطانہ

(ج) طلبا کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔



## پڑھیے

(الف) ذیل میں دی گئی تصویروں کی مدد سے الفاظ پڑھوائیں اور 'ی' کی آواز سے واقف کروائیں۔
اسی طرح کے مزید الفاظ کہلوائیں۔



کشتی


کرسی


رانی


لڑکی


پری


املی


SCERT TELANGANA



تیر



جھیل



چیل




فقیر


(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔



جالا بُنتی ہے۔ ❖ ____________ جالا بُنتی ہے۔



گھانس کھاتی ہے۔ ❖ ____________ گھانس کھاتی ہے۔



رنگین ہوتی ہے۔ ❖ ____________ رنگین ہوتی ہے۔



ہری ہوتی ہے۔ ❖ ____________ ہری ہوتی ہے۔

SCERT TELANGANA

(ج) ذیل کے جملے روانی کے ساتھ پڑھوائیں اور ان لفظوں کے نیچے خط کھینچیں جن میں 'ی' استعمال ہوا ہے۔

1۔ عید خوشیاں لاتی ہے۔ 2۔ جھیل کا پانی میٹھا ہے۔

3۔ پگڑی بڑی ہے۔ 4۔ چیل ہوا میں اڑ رہی ہے۔

5۔ کبیر گرم روٹی کھاتا ہے۔

(د) دیئے گئے لفظوں سے زائد حرف کو نکال کر صحیح لفظ قوسین میں لکھوائیں۔

مثال: مروتی ( موتی )

1۔ ٹکوپی ( ) 4۔ جھبیل ( )

2۔ کروسی ( ) 5۔ کھٹپر ( )

3۔ لڑوکی ( ) 6۔ ہلندی ( )



## لکھیے

(الف) 'ی' کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ لکھوائیں۔

مثال:

| ڈا | جا | ما | با | نا | لا | پا | خا | مو | جھو | ہو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لی | | | | | | | | | | |
| ڈالی | | | | | | | | | | |

SCERT TELANGANA

(ب) دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیں۔

پھیکی ، تیکھی ، میٹھی ، روٹی ، ٹوپی ، خاکی

1. کھیر ________________ ہے۔

2. مرچی ________________ ہے۔

3. چائے ________________ ہے۔

4. ________________ لال ہے۔

5. وردی ________________ ہے۔

6. ________________ گرم ہے۔

(ج) ہر جملے میں لفظ 'عید' کے ساتھ حسبِ ذیل الفاظ استعمال کرتے ہوئے جملے لکھوائیں۔

خوشی ، شیر خورمہ ، عیدی ، بالی ، کھیر

مثال: 1. عید خوشی لاتی ہے۔

2. ________________

3. ________________

4. ________________

5. ________________

(د) چند ایسے دوستوں کے نام لکھنے کے لیے کہیں جن کے نام میں 'ی' استعمال ہوا ہے۔

مثال: حمید

| | |
|---|---|
| 1 ______ | 2 ______ |
| 3 ______ | 4 ______ |
| 5 ______ | 6 ______ |



SCERT TELANGANA



تصویر دیکھ کر چند جملے لکھنے کے لیے کہیں۔



**مثال:** مجھے املی بہت پسند ہے۔

1. ______________________
2. ______________________
3. ______________________
4. ______________________
5. ______________________

SCERT TELANGANA



سبق - 15

# فیض کی بہادری



ریشما، ریحان، فیض اور سلطانہ آپس میں دوست تھے۔ایک دن وہ سیر کے لیے گئے۔



پاس ہی ایک تالاب تھا۔جہاں بہت سارے لوگ اور بچے کھیل رہے تھے۔ یہ چاروں بھی کھیل میں شریک ہو گئے اور خوب مزے لوٹنے لگے۔



کھیل کھیل میں اچانک ریحان کا پیر پھسل گیا اور وہ تالاب میں جا گرا۔ ریحان مدد کے لیے چلانے لگا۔ وہاں بہت سارے لوگ جمع ہو گئے۔



لیکن کسی نے بھی ریحان کو بچانے کی کوشش نہیں کی۔ریحان کا دوست فیض فوراً تالاب میں کود پڑا۔

SCERT TELANGANA



اور ریحان کو تالاب سے باہر نکال لایا۔



فیض کی بہادری پر وہاں موجود سب لوگوں نے اُسے شاباشی دی۔



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. سیر کے لیے کون اور کہاں گئے؟
2. تالاب کے قریب سب کیا کر رہے تھے؟
3. اچانک کیا حادثہ پیش آیا؟
4. فیض کی بہادری پر لوگوں نے کیا کیا؟
5. اگر آپ فیض کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟



## پڑھیے


(الف) ذیل میں دی گئی تصویروں کی مدد سے الفاظ پڑھوائیں اور 'ے' کی آواز سے واقف کروائیں۔ اس طرح کے مزید الفاظ کہلوائیں۔




ہیرے



لڑکے



طوطے



جھولے




شیر



پیڑ



سیب



جیل

SCERT TELANGANA

(ج) نیچے دیے گئے الفاظ روانی سے پڑھوائیں اور 'ے' کی شناخت کروائیں۔

❄ ت ے ر = تَیر ❄ کھ ے ت = کھیت

❄ ب ے ل = بَیل ❄ ج ے ب = جیب

❄ س ے ر = سَیر ❄ س ے ب = سیب

❄ ت ا ر ے = تارے

❄ ک پ ڑ ے = کپڑے


❄ ل ڑ ک ے = لڑکے


(د) معلم طلبا سے کہیں کہ وہ 'ے' آواز دینے والے لفظ پر 'O' دائرہ لگائیں۔


پیر — پِیر شیر — شِیر کالے — کالی


تیر — تِیر جالے — جالی لڑکی — لڑکے

(ھ) تصویروں کے نام لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔


● _____ گھنا ہے۔


● _____ چمک رہے ہیں۔


● _____ جنگل میں ہے


● _____ طاقت ور ہے۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ذیل کے الفاظ کو صاف خط میں لکھوائیں۔

نیک    میرے    شیر    جالے    ایسے    کپڑے    چمکے    کھیل

____ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____


____ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

تھیلا    میدان    کیسے    ایسا    شیطان    سیر    بیر

____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

(ب) تیر کے نشان کی مدد سے حروف جوڑتے ہوئے الفاظ پڑھنے اور لکھنے کے لیے کہیں۔




1. ____________ 2. ____________ 3. ____________

4. ____________ 5. ____________ 6. ____________

7. ____________ 8. ____________ 9. ____________

SCERT TELANGANA

(ج) دیے گئے حروف ملا کر لکھنے کے لیے کہیں۔

1. ک + ھ + ے + ت = 
2. د + ے + گ = 
3. م + ے + ل + ا = 
4. پ + ے + ر = 
5. س + ف + ے + د = 
6. ک + ے + ل + ا = 
7. غ + ل + ے + ل = 
8. ک + ے + س + ا = 
9. تھ + ے + ل + ا = 
10. م + ے + د + ا + ن = 

(د) ان الفاظ کو پڑھنے اور ان کے متعلق ایک ایک جملہ لکھنے کے لیے کہیں۔

تارے : ______________________

کھیل : ______________________

سیب : ______________________

پیڑ : ______________________

کپڑے : ______________________

SCERT TELANGANA

(ھ) دی گئی نظم سے وہ الفاظ ڈھونڈ کر لکھنے کے لیے کہیں جن میں 'ے' استعمال ہوا ہے۔

سات دنوں کی ننّھی ریل　　چھوٹے بچوں کا یہ کھیل
سب سے آگے ہے اتوار　　بنا ہے انجن یہ سردار
پھر پیلا ڈبّہ ہے پیر　　اس میں تو رکھی ہے کھیر
پیچھے منگل آئے جناب　　ہاتھ میں لے کر پڑھیں کتاب
بدھ کے ڈبّے میں قلفی　　اس میں بیٹھیں ہیں ذلفی
اس کے پیچھے ہے جمعرات　　دودھ کی بوتل آئی ہاتھ
اس کے بعد جمعہ کا دن　　عید سمجھتے ہیں مومن
آخری ڈبّہ سنیچر ہے　　گارڈ بھی اس ڈبّے پر ہے
سات دنوں کی ریل چلی　　لو بچوں کی ریل چلی

__________ __________ __________ __________

__________ __________ __________ __________

__________ __________ __________ __________



طلبا سے کہیں کہ بچوں کی بہادری کا کوئی واقعہ سنائیں اور لکھیں۔

SCERT TELANGANA




سبق - 16

# اندازِ گفتگو



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے


(الف) تصویر کے مطابق بچوں سے گفتگو کروائیں۔

1. تصویر میں والد اپنے بچوں سے کیا کہہ رہے ہوں گے؟
2. بچے کیا سوچ رہے ہوں گے؟
3. آپ اپنے بڑوں سے کس طرح گفتگو کرتے ہیں؟
4. آپ اپنے چھوٹوں سے کس طرح بات کرتے ہیں؟

(ب) آیئے اب نظم کو ترنم واداکاری سے پڑھتے ہیں۔



بات کرنے کا سلیقہ چاہیے ۔ گفتگو کا بھی طریقہ چاہیے
گفتگو کا اک حسین انداز ہو ۔ نرم لہجہ، دل نشین آواز ہو
اختلاف آپس میں ہو جائے اگر ۔ بات میں آئے نہ تلخی کا اثر
پیار کا اظہار ہو گفتار سے ۔ غیر بن جاتے ہیں اپنے، پیار سے
نرم اور شیریں ہو ساری گفتگو ۔ ہو ہمیشہ خوب پیاری گفتگو
کہہ رہا ہوں جو عمل اس پر کرو ۔ کان میری بات پر بچو دھرو

(ج) طلبا کو بھی نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔



## پڑھیے

(الف) تصویروں کو دیکھ کر ان کے نام بتانے کے لیے کہیں اور واوٗ کی آواز سے واقف کروائیں۔

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ روانی سے پڑھوائیں۔ واوٗ کو کھینچ کر بھی پڑھا جاتا ہے، اس سے واقف کروائیں۔

نوٗر رسوٗل صوٗرت ۔ طوٗر بتوٗل حوٗر

موٗرت خوٗن فضوٗل ۔ دوٗر چھوٗٹ سوٗرج

غروٗر دوٗدھ


SCERT TELANGANA


(ج) طلبا سے کہیں کہ تصویروں کے نام خالی جگہوں میں لکھیں اور جملے مکمل کریں۔


 ______ کھٹّا ہوتا ہے۔

 ______ دانہ کھاتا ہے۔


 ______ میٹھا ہوتا ہے۔

 ______ اونچا ہوتا ہے۔

 ______ ایک ترکاری ہے۔

 ______ گلاس میں ہے۔

(د) تصاویر دیکھ کر پہیلیاں پڑھنے اور بوجھنے کے لیے کہیں۔







☆ میں تو اونچا پورا ہوں
پانی بے حد پیتا ہوں
شہروں میں نایاب ہوں میں
ریگستان میں جیتا ہوں

☆ اُجلا اُجلا میرا رنگ
ہر بچے کی میں ہوں پسند
جو بھی مجھ کو پیتا جائے
بڑھتا جائے اس کا انگ

☆ صبح مجھ سے مجھ سے شام
مجھ سے ہے دنیا کا کام
یہ دنیا روشن مجھ سے
مجھ سے واقف خاص و عام

SCERT TELANGANA

(ھ) طلبا سے کہیں کہ جوڑ ملائیں، جملے پڑھیں اور لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | فضول | میں بارش ہوتی ہے۔ | مثال: فضول گفتگو مت کیجیے۔ |
| (2) | سورج | بولنا بری عادت ہے۔ | ______ |
| (3) | جون | کپڑے ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ | ______ |
| (4) | جھوٹ | گفتگو مت کیجیے۔ | ______ |
| (5) | سوتی | مشرق سے نکلتا ہے۔ | ______ |



## لکھیے

(الف) یہ الفاظ صاف خط میں لکھنے کے لیے کہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صورت | سورج | مورت | مونگ | مولی |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| دھوم | چھوٹ | پھوٹ | ٹوٹ | جھوم |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

(ب) واؤ معروف کا استعمال کرواتے ہوئے الفاظ مکمل کروائیں۔

و

مثال: س و ل ی = سولی

- چ ___ ڑی = ______
- م ___ رت = ______
- ص ___ رت = ______
- جھ ___ ٹ = ______
- م ___ ل ی = ______
- دھ ___ ل = ______
- غ ر ___ ب = ______
- ل ن گ ___ ر = ______

SCERT TELANGANA

(ج) دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیں۔

مشہور | امرود | بھوک | خوشبو | دھوم

1. گلاب کی ________ بھینی بھینی ہوتی ہے۔

2. دیوالی میں پٹاخوں کی ________ ہوتی ہے۔

3. افروز کو ________ لگی ہے۔

4. تاج محل ________ عمارت ہے۔

5. طوطا ________ شوق سے کھاتا ہے۔

(د) نیچے دیے گئے الفاظ پڑھنے اور ان کے متعلق ایک ایک جملہ لکھنے کے لیے کہیں۔

اونٹ : ________________

کبوتر : ________________

انگور : ________________

مولی : ________________

چوزہ : ________________

چوہا : ________________

SCERT TELANGANA

(ﮪ) طلبا سے بے ترتیب حروف کو ترتیب سے لکھ کر بامعنی الفاظ بنانے کے لیے کہا جائے۔

مثال: ج م و ب ر = مجبور

- ت و ر م = ______
- ک ہ و ز = ______
- جھ ل و ا = ______
- س و ی ل = ______
- ج و ا ت = ______
- چ و ی ڑ = ______
- د ر و ی = ______
- د ھ د و = ______


(و) مندرجہ ذیل میں ان الفاظ پر دائرہ بنانے کے لیے کہیں جن میں واؤ کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔

دور چور مونگ گوٹ گونج کوئل

چوہا ڈول خوب روک کبوتر گود

لیمو رونا مور جھوم

دی گئی تصویر کے بارے میں چند جملے لکھنے کے لیے کہا جائے۔



.1 ______


.2 ______

.3 ______


.4 ______

SCERT TELANGANA

## پڑھیے ۔ لطف اُٹھائیے



ندی کے کنارے پیڑ پر ایک کبوتر کا گھونسلہ تھا
اسی پیڑ کی جڑ میں چیونٹیوں کا گھر تھا۔



کبوتر اور چیونٹیوں میں بہت دوستی تھی۔ کبوتر کھانے کے لیے جو دانے چن کر لاتا تھا' ان میں سے کچھ چیونٹیوں کو بھی دے دیتا۔



ایک دن تیز ہوا چلی اور ایک چیونٹی
ندی میں جا گری اور ڈوبنے لگی۔



یہ دیکھ کر کبوتر ایک سوکھا پتّا چونچ میں پکڑ لایا'
اور ندی میں چیونٹی کے قریب ڈال دیا۔

SCERT TELANGANA



چیونٹی پتّے کی مدد سے باہر نکل آئی۔



اگلے دن ایک شکاری جنگل میں آیا اور وہ
کبوتر کا شکار کرنے تیر سے نشانہ لگانے لگا۔



یہ دیکھ کر چیونٹی نے فوراً شکاری کے پیر کو کاٹ لیا۔



چیونٹی کے کاٹتے ہی شکاری کا نشانہ چوک گیا
اور کبوتر اڑ گیا۔

SCERT TELANGANA



سبق - 17

# بھولا خرگوش




ایک دن خرگوش پیڑ کی شاخ پر
پڑے جھولے پر جھول رہا تھا۔



اتنے میں ایک بھالو آیا، اور خرگوش کو
نیچے دھکیل دیا ۔



اور بھالو خود جھولنے لگا۔



خرگوش روتے ہوئے اپنے دوست
چوہوں کے پاس پہنچا اور تمام واقعہ
سنایا۔

SCERT TELANGANA





چوہوں نے مل کر جھولے کی رسّی کتر ڈالی۔

بھالو دھڑام سے نیچے گر گیا' اور خرگوش بھالو کو دیکھ کر ہنسنے لگا۔



## سنیے - بولیے


(الف) طلبا سے سبق کے بارے میں گفتگو کریں اور پوچھیں کہ:

1. جھولا کون جھول رہا تھا؟
2. خرگوش کو کس نے دھکیلا اور کیوں؟
3. خرگوش کے دوست کون تھے؟
4. کیا بھالو نے اچھا کیا؟
5. آپ بھالو کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟




## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام کہلوائیں اور واؤ کی آواز سے واقف کروائیں۔




ڈھول



مور



روٹی



گھوڑا

SCERT TELANGANA



(ب) حرف 'مو' کو دیگر حروف سے جوڑ کر بامعنی الفاظ پڑھوائیں۔

مو — تی
مو — ل
مو — ٹی
مو — گرا
مو — ٹر
مو — من

(ج) ذیل کے جملے پڑھنے اور ان الفاظ کے نیچے خط کھینچنے کے لیے کہیں جن میں واؤ کھینچ کر نہیں پڑھا جاتا۔

- چور بھاگ رہا ہے۔
- ڈول سے پانی نکالو۔
- جنگل میں مور ناچ رہا ہے۔
- شاخ پر طوطا بیٹھا ہے۔
- یہ کوٹ کالا ہے۔
- روٹی گرم ہے۔

(د) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔

- مداری  بجا رہا ہے۔
-  تماشا دکھا رہا ہے۔
-  دوڑ رہا ہے۔
- یہ  احمد کا ہے۔
-  میں پانی ہے۔
- میٹھے میٹھے پھل  میں ہیں۔

SCERT TELANGANA

(و) ذیل کے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے جملے کہلوائیں۔

◆ ٹوکری ◆ دھوبی ◆ مور ◆ طوطا ◆ شور



## لکھیے

(الف) ذیل کے الفاظ صاف خط میں لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ماحول | گھول | بولی | ٹولی | گولی |
| | | | | |
| | | | | |
| خرگوش | گھوڑا | چھوٹا | بوریا | پولیس |
| | | | | |
| | | | | |

(ب) بے ترتیب حروف کو جوڑ کر بامعنی لفظ لکھنے کے لیے کہیں۔

مثال: س ت و د = دوست


1. گ و ت ش =
2. ل و ا ٹ =
3. ج و ا ڑ =
4. گ و ل =
5. ا ن و م ل =
6. ش ر و =

SCERT TELANGANA

(ج) تصویر کا نام لکھ کر معمہ حل کروائیں۔











♦ ____________ ♦ ____________

♦ ____________ ♦ ____________

(د) خالی جگہوں میں تصویر کا نام لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔

♦  ____________ کے پنکھ بہت خوب صورت ہوتے ہیں۔

♦  ____________ قیمتی ہوتی ہے۔

♦  ____________ کی کوک سریلی ہوتی ہے۔

♦  ____________ چور کو پکڑتی ہے۔

SCERT TELANGANA

(ز) ذیل کے جملے مناسب لفظ سے مکمل کروائیں۔

کوئل | بوتل | کوئلہ | کٹورہ | روٹی | انمول | دوڑ | چوٹ

1. ______ زمین سے حاصل ہوتا ہے۔
2. ______ میں کھیر ہے۔
3. ہیرا ______ ہوتا ہے۔
4. ______ کی کوک بہت سریلی ہوتی ہے۔
5. ______ میں تیل ہے۔
6. ______ گرم ہے۔
7. بچے ______ رہے ہیں۔
8. ______ لگنے سے خون نکلتا ہے۔

طلبا سے تصویر کے بارے میں پانچ جملے لکھوائیں۔



1. ______
2. ______
3. ______
4. ______
5. ______

SCERT TELANGANA




سبق - 18

# سانچ کو آنچ نہیں



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے


(الف) تصویر کے بارے میں گفتگو کریں۔

1. اس تصویر میں لوگ کیا کر رہے ہیں؟
2. کیا آپ اس مسجد کا نام بتا سکتے ہیں؟
3. یہ مسجد کس شہر میں ہے؟
4. حیدر آباد کی چند اور تاریخی عمارتوں کے نام بولیے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

(ب) طلبا کو نظم ترنم و اداکاری سے پڑھوائیں۔


پڑھو نمازیں ہر دن پانچ ورنہ ہے دوزخ کی آنچ
ماں کے قدموں میں جنت کرو اگر دل سے خدمت
دیر تلک مت سوتے رہو رزق اپنا مت کھوتے رہو
میری بات جو مانو تم حاجت رب سے مانگو تم




## پڑھیے

(الف) تصویروں کے نام پڑھوائیں۔



سانپ


اونٹ


آنسو


بکریاں


مچھلیاں


کتابیں

(ب) ذیل کے الفاظ پڑھوایئے اور نون غنہ سے طلبا کو واقف کروایئے۔

'ن' کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ یعنی ایک وہ جس کی آواز پوری ادا ہو۔ جیسے مکان' گمان وغیرہ۔ دوسرے جس کی آواز پوری ادا نہ ہو بلکہ ناک میں سے گنگنی سی آواز نکلے۔ جیسے کنواں' سانپ وغیرہ۔ ایسا نون جس کی آواز پوری نہیں نکلتی 'نون غنہ' کہلاتا ہے۔

جیسے جنگ ۔ آنچ ۔ سانپ ۔ دنگ ۔ جہاں ۔ کنواں
پانچ ۔ اونٹ ۔ بانٹ ۔ انڈا ۔ یہاں ۔ گاؤں

SCERT TELANGANA

(ج) ذیل کے حروف جوڑ کر الفاظ پڑھوائیں۔

| | |
|---|---|
| گ + ا + و + ں | = گاوں |
| آ + س + م + ا + ں | = آسماں |
| س + ا + ن + پ | = سانپ |
| آ + ن + ت | = آنت |
| چھ + ا + و + ں | = چھاوں |
| د + ا + ن + ت | = دانت |

(د) ذیل کے لفظوں میں نون غنہ والے لفظ پر دائرہ 'O' بنائیں۔

مندر آنسو آسمان نہر زمین آنت ڈنڈا منجن گنگا انجن

نہیں چاندی ناخن پنچہ بالیاں وادیاں کان جھنڈا انڈا گاندھی

وہاں نوکر بکریاں مکان دکان

(ہ) ان لفظوں کو پڑھنے اور ہم وزن الفاظ کے جوڑ ملانے کے لیے کہیں۔

| | |
|---|---|
| گانٹھ | بھانپ |
| رنگ | آنت |
| آنچ | بھنگ |
| مانگ | آنکھ |
| سانس | پانچ |
| ڈھنگ | سنگ |
| دانت | بانگ |
| جھانپ | پھانس |



SCERT TELANGANA

(و) دیئے گئے جملوں کو پڑھوائیں اور نون غنہ کے نیچے خط کھینچنے کے لیے کہیں۔

1۔ وادیاں مہک رہی ہیں۔
2۔ وہاں دور ایک جنگل ہے۔
3۔ آسماں نیلا ہے۔
4۔ کتابیں خوبصورت ہیں۔
5۔ رنگ برنگی مچھلیاں پانی میں تیر رہی ہیں۔
6۔ بکریاں گھاس کھا رہی ہیں۔



## لکھیے


(الف) دیئے گئے الفاظ خوش خط لکھوائیں۔

| آسماں | مچھلیاں | اونٹ | دنگ | مانگ |
|---|---|---|---|---|
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

(ب) نامکمل لفظوں کو تصویر کی مدد سے مکمل کرنے کے لیے کہیں۔

1۔ او ______ 

2۔ سا ______ 

3۔ ______ نکھ 

4۔ ہو ______ 

SCERT TELANGANA

(ج) دیئے گئے الفاظ کی جمع لکھنے کے لیے کہیں۔


مثلاً وادی + وادیاں

ندی + ______ چوڑی + ______ بکری + ______ پتنگ + ______

بالی + ______ مچھلی + ______ نوکری + ______ گھڑی + ______

کنواں + ______ کتاب + ______ آنکھ + ______ انگوٹھی + ______

(د) ہر تصویر کے متعلق جملہ لکھوائیں۔

مثال:  پتنگ رنگین ہے۔

1۔  ______

2۔  ______

3۔  ______

(ھ) بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملے لکھوائیں۔

مثال: رویا آنسو لڑکا نکلے — لڑکا رویا آنسو نکلے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہیں | پانچ | میں | ہاتھ | انگلیاں |
| میں | دنگ | دیکھ کر | اُسے | رہ گیا |
| یہ | منبر | کا | مسجد | ہے |

______

______

______

(و) نون غنہ والے چار، چار الفاظ لکھوائیں۔

مثال: اونٹ گاؤں

1. ______ 1. ______
2. ______ 2. ______
3. ______ 3. ______
4. ______ 4. ______

SCERT TELANGANA

(ز) دی گئی مثال کے مطابق متضاد جملے لکھنے کے لیے کہیں۔

مثال آنکھ سے آنسو ٹپک رہے ہیں۔ آنکھ سے آنسو نہیں ٹپک رہے ہیں۔

1. میں مدرسہ جارہا ہوں۔

_______________

_______________

2. آسماں پر تارے نظر آرہے ہیں۔

_______________

_______________

3. ریشماں کانپ رہی ہے۔

_______________


_______________

4. پتنگ کی ڈور لمبی ہے۔

_______________

_______________

راستہ ڈھونڈنے کے لیے کہیں۔



SCERT TELANGANA

سبق - 19


# شرارت



کسی تالاب کے کنارے پیڑ پر ایک گھونسلہ تھا۔ جس میں ایک کوّا اور اس کے بچے رہتے تھے۔



کوّا ہر روز غذا کی تلاش میں باہر جاتا تھا۔ گھونسلے سے نکلتے ہوئے وہ اپنے بچوں کو نصیحت کرتا تھا ''باہر مت جھانکو' ورنہ تالاب میں گر جاؤ گے''۔




ایک دن کوّا جیسے ہی گھونسلے سے نکلا' بچوں نے سوچا کہ کیوں نہ ہم باہر جھانکیں؟ باہر جھانکنے سے کیا ہوگا؟ یہ سوچتے ہوئے وہ گھونسلے سے باہر جھانکنے لگے۔



کوّے کے بچوں کو باہر جھانکتے ہوئے دیکھ کر تالاب میں تیرتی ہوئی بطخ نے کہا ''مت جھانکو' نیچے گر جاؤ گے''؟ بچوں نے شور مچاتے ہوئے کہا ''نہیں ہم ضرور جھانکیں گے''۔ اچانک ایک بچہ اپنا توازن کھو بیٹھا اور وہ تالاب میں گر گیا۔

SCERT TELANGANA





تالاب میں تیرتی ہوئی بطخ فوراً اس بچّے تک پہنچ گئی اور اسے بچا کر کنارے لے آئی۔

دور سے آتے ہوئے کوّے نے یہ منظر دیکھ لیا اور قریب آ کر بطخ کا شکریہ ادا کیا۔

## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں گفتگو کریں۔

1. کوّا اور اس کے بچے کہاں رہتے تھے؟
2. کوّا بچوں کو چھوڑ کر کہاں جا رہا تھا؟
3. کوّے کا بچہ تالاب میں کیسے گرا؟
4. کوّے کے بچے کو تالاب سے باہر کس نے نکالا؟
5. اگر تالاب میں بطخ نہ ہوتی تو کیا ہوتا؟
6. کیا آپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟

## پڑھیے

(الف) تصاویر کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔



احمد مجھے لکھنے کے لیے پنسل چاہیے۔



ٹھیک ہے! یہ لو پنسل۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔
SCERT TELANGANA



احمد یہ پنسل کس کی ہے؟

یہ پنسل فاروق کی ہے۔




کیا یہ قلم تراش بھی فاروق کا ہے؟

نہیں! یہ قلم تراش میرا ہے۔

واہ! بہت خوبصورت قلم تراش ہے۔

(ب) نیچے دیئے گئے جملے روانی سے پڑھائیں۔سوالیہ جملوں کی شناخت کروائیں۔





❏ ٹوکری میں سیب ہیں۔

❏ کیا ٹوکری میں کیلے بھی ہیں؟

ٹوکری میں کیلے نہیں ہیں۔

❏ ٹوکری میں اور کیا ہے؟

ٹوکری میں آم ہیں۔

❏ کیا ٹوکری میں انگور بھی ہیں؟

نہیں ٹوکری میں انگور نہیں ہیں۔



SCERT TELANGANA


(ج) دی گئی پہیلیوں کو پڑھوائیں اور بوجھنے کے لیے کہیں۔

1. سر پر پتوں کا گچھا
تن پر کپڑے خانے دار
اندر پیلا پیلا مغز
مغز بہت ذائقے دار
بولو بچو میں ہوں کون؟
وہ ہے ____________

2. ایک تھال موتیوں سے بھرا
سب کے سر پر اوندھا دھرا
چاروں اور وہ تھال پھرے
موتی اس سے ایک نہ گرے
بولو بچو کیا ہے وہ؟
وہ ہے ____________

(د) نیچے دیے گئے جدول کے الفاظ پڑھوائیں، پانسہ پھینک کر اس پر جو عدد آئے اتنے خانے آگے بڑھنے کے لیے کہا جائے اور جس خانہ پر پہنچے اس خانے میں موجود لفظ پڑھوائیں اور اس کا استعمال کرتے ہوئے سادہ/سوالیہ جملہ کہلوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. مدرسہ | 2. کشتی | 3. خرگوش | 4. طوطا |
| 5. شیر | 6. قلم | 7. کوّا | 8. کتاب |
| 9. مکان | 10. سانپ | 11. ماں | 12. مرغی |
| 13. چاند | 14. استاذ | 15. سورج | 16. گلاب |






## لکھیے

(الف) نیچے دیے گئے جملوں میں سادہ اور سوالیہ جملوں کی شناخت کرتے ہوئے جدول میں خوش خط لکھنے کے لیے کہیں۔

☆ نیم ہندوستان کا مشہور درخت ہے۔
☆ احمد نے رشید کو نہیں مارا۔
☆ وارث آج اسکول کیوں نہیں آیا؟
☆ آم کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔
☆ ثنا نے آج کچھ بھی نہیں پڑھا۔
☆ آپ کو کون سا پھل پسند ہے؟

| سادہ جملے | سوالیہ جملے |
|---|---|
| ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ |

SCERT TELANGANA

(ب) دیے گئے جدول کی مدد سے سادہ اور سوالیہ جملے لکھوائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| یہ | گلاب | پھول |
| جاوید | مدرسہ | جارہا |
| احمد | کی | کتاب |

سادہ: یہ گلاب کا پھول ہے۔

سوالیہ جملہ: کیا یہ گلاب کا پھول ہے؟



سادہ جملے　　　　سوالیہ جملے

(ج) ذیل کی عبارت پڑھوائیں ۔ سادہ اور سوالیہ جملے علاحدہ کرتے ہوئے لکھنے کے لیے کہیں۔

ایک دن خلیفہ حضرت عمرؓ کے یہاں مہمان آئے اس وقت آپ چراغ کی روشنی میں کچھ لکھ رہے تھے۔ اتفاق سے چراغ میں تیل ختم ہوگیا اور چراغ بجھ گیا۔

مہمان: کیا چراغ میں تیل ختم ہوگیا ؟

خلیفہ: ہاں چراغ میں تیل ختم ہوگیا۔

مہمان: آپ فکر نہ کریں میں ابھی تیل ڈال کر لاتا ہوں۔

خلیفہ: آپ تکلیف نہ کریں۔ مہمان سے خدمت لینا درست نہیں۔

مہمان: اچھا تو نوکر کو جگائے دیتا ہوں۔ وہ ڈال کر لائے گا۔

خلیفہ: نہیں اس غریب کو سونے دو اُسے تکلیف ہوگی۔

(یہ کہہ کر خلیفہ خود ہی چراغ میں تیل ڈال کر لائے)

مہمان: آخر آپ ہی نے تکلیف فرمائی۔

خلیفہ: تو کیا ہوا؟ اس میں تکلیف کی کیا بات ہے، جب میں تیل ڈالنے گیا تھا اُس وقت بھی عمر تھا اور اب بھی عمر ہوں۔

SCERT TELANGANA

سادہ جملے 1۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوالیہ جملے 1۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(د) ایک ہی رنگ کے ستاروں میں موجود الفاظ جوڑ کر سادہ اور سوالیہ جملے لکھوائیں۔

باغ کیا مالی باغ پر ہے ہیں

میں میں ڈال پھول نہیں پھول ہیں

سادہ: ______________________

سوالیہ: ______________________



دو، دو طلبا کی جوڑی بنائیں۔ ان سے سادہ اور سوالیہ جملوں پر مبنی مکالمے ادا کروائیں۔

مثال:

احمد: رشید کہاں سے آرہے ہو؟ وارث: ______________________

رشید: میں اسکول سے آرہا ہوں۔ سلیم: ______________________

احمد: کیا تم رضوان کے گھر گئے تھے؟ وارث: ______________________

رشید: نہیں میں رضوان کے گھر نہیں گیا تھا۔ سلیم: ______________________

SCERT TELANGANA

# شبنم کی بوندیں



کڑاکے کی سردی تھی۔ کہر چھایا ہوا تھا۔
پودوں پر شبنم کی بوندیں جمی ہوئی تھیں۔



گھونسلے میں بیٹھے کبوتر کے بچے
سردی سے کانپ رہے تھے۔



کبوتر نے اِدھر اُدھر سے سوکھی گھاس جمع
کی اور بچوں سے کہا کہ میں ابھی واپس
آؤں گا۔

SCERT TELANGANA



ایک مقام پر سردی سے بچنے کے لیے کچھ
لوگ آگ جلا رہے تھے۔ کبوتر وہاں سے
ایک جلتی ہوئی کاڑی لے آیا۔




اور اس سے اپنے بچوں کے قریب
جمع کی ہوئی سوکھی گھاس جلائی۔



کبوتر کے بچے آگ سینکتے ہوئے خوشی
سے پر پھیلانے لگے۔


SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) سبق کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1. کبوتر اور اس کے بچے کیوں پریشان ہیں؟
2. سردی کے موسم میں صبح صبح پودوں پر کیا دکھائی دیتی ہے؟
3. لوگ آگ کے اطراف کیوں بیٹھے ہیں؟
4. کیا آپ نے کبھی مشکل حالات میں کسی کی مدد کی ہے؟
5. آپ سردی سے بچنے کے لیے کیا کرتے ہیں؟



## پڑھیے

(الف) تصاویر کی مدد سے واحد، جمع میں فرق بتاتے ہوئے جملے مکمل کروائیں اور پڑھوائیں۔

میز پر  ہے۔

میز پر  ہیں۔



پنجرے میں .................................. ہے۔



پنجرے میں .................................. ہیں۔



ٹوکری میں .......................... ہے۔



ٹوکری میں .......................... ہیں۔

SCERT TELANGANA

(ب) خالی جگہوں کو دیئے گئے مناسب الفاظ سے پُر کروائیں اور جملے پڑھوائیں۔

بوتلیں | بستہ | ٹوپی | مچھلی | لڑکے

- ..........................قطار میں کھڑے ہیں۔
- پانی کے باہر ..................تڑپ رہی ہے۔
- رنگین پانی سے .......................بھری ہوئی ہیں۔
- ..................خالی ہے۔
- ..................سر پر ہے۔

(ج) دیئے گئے جملے پڑھا کر صرف ایسے الفاظ پر دائرہ بنوائیں جو واحد ہوں۔

★ پھول پر تتلی ہے۔ ★ گلاس میں پانی ہے۔

★ لڑکیاں لکھ رہی ہیں۔ ★ کوئل کوک رہی ہے ۔

★ پانی میں مچھلی ہے۔ ★ مٹھائیوں پر مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں۔

(د) دیئے گئے واحد اور جمع الفاظ روانی سے پڑھاتے ہوئے انہیں ذہن نشین کروائیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| کپڑا | کپڑے | کرسی | کرسیاں |
| جوتا | جوتے | بکری | بکریاں |
| بستہ | بستے | ٹوپی | ٹوپیاں |
| گھوڑا | گھوڑے | اشرفی | اشرفیاں |
| بچہ | بچے | مچھلی | مچھلیاں |
| کرتا | کرتے | ٹوکری | ٹوکریاں |

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) خالی جگہوں میں خط کشیدہ الفاظ کی جمع لکھوائیں اور جملے مکمل کروائیں۔

- گھر میں لڑکا کھیل رہا ہے۔ — اسکول میں ............................ کھیل رہے ہیں۔
- راجو نے ایک تتلی پکڑی۔ — دوسری ...................... اڑ گئیں۔
- ایک جھونپڑی میں روشنی تھی۔ — بستی کی دوسری ................ تاریک تھیں۔
- ایک بچہ رو رہا تھا۔ — لیکن ساتھی ...................... تو ہنس رہے تھے۔

(ب) غباروں میں موجود 'واحد' اور 'جمع' کے الفاظ علاحدہ کر کے لکھوائیں۔




واحد ______ ______ ______ ______ ______

جمع ______ ______ ______ ______ ______

(ج) ذیل کے الفاظ صاف خط میں لکھوائیں۔



| طوطا | طوطے | پنجرا | پنجرے |
|---|---|---|---|
| ______ | ______ | ______ | ______ |
| تھیلی | تھیلیاں | لڑکا | لڑکے |
| ______ | ______ | ______ | ______ |

SCERT TELANGANA

(د) مناسب لفظ منتخب کر کے خالی جگہوں پر لکھوائیں۔

- ............................ اُڑ رہی ہیں۔ (مکّھی - مکّھیاں)
- ............................ کھیل رہی ہے۔ (لڑکی - لڑکیاں)
- ............................ لڑ رہی ہیں۔ (بلّی - بلّیاں)
- ............................ بھونک رہا ہے۔ (کُتّا - کتّے)
- ............................ پر چڑیا ہے۔ (درخت - درختوں)

(ھ) طلبا سے کہیں کہ دیئے گئے الفاظ پڑھیں اور ان کی جمع لکھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| ★ کتاب | ________ | ★ تارا | ________ |
| ★ میوہ | ________ | ★ لکڑی | ________ |
| ★ مکان | ________ | ★ کرسی | ________ |
| ★ ندی | ________ | ★ طوطا | ________ |
| ★ کمرہ | ________ | ★ املی | ________ |

معلم کے لیے ہدایت:

طلبا کو دو گروپ میں تقسیم کریں۔ ایک گروپ کو واحد اور دوسرے گروپ کو جمع والے الفاظ بولنے کے لیے کہیں۔اس کے بعد پہلے گروپ کو جمع اور دوسرے گروپ کو واحد الفاظ بولنے کے لیے کہیں۔یہ الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھیں اور طلبا کو بھی لکھنے کی ہدایت دیں۔جو گروپ زیادہ الفاظ کے جواب دے گا' کامیاب قرار دیا جائے گا۔

SCERT TELANGANA

(و) ذیل میں واحد کی جمع، جمع کی واحد لکھوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کرسی | | | کرتے |
| | بکریاں | قلم | |
| کپڑا | | | بستے |
| | جوتے | گھوڑا | |
| ٹوپی | | بچہ | |



دیے گئے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے چند جملے لکھنے کے لیے کہیں۔

صبح سویرے - شبنم - پیڑ - پودے

طلوع - ٹھنڈی ہوا - پھول - بوندیں

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

SCERT TELANGANA


# کاہل آدمی



میاں پور گاؤں میں شیخ چلّی نامی ایک آدمی رہتا تھا۔ وہ بہت کاہل تھا۔ بس بیٹھے بیٹھے دولت کمانے کا خواب دیکھتا رہتا۔




ایک دن شیخ چلّی ایک درخت کے نیچے بیٹھا ہوا تھا کہ اُس کا دوست وہاں آیا اور اُسے انڈوں سے بھری ایک ٹوکری تحفے میں دی۔ کاہل آدمی بہت خوش ہوگیا۔



انڈوں کی ٹوکری سامنے رکھ کر شیخ چلّی خیالوں میں کھو گیا۔ وہ سوچنے لگا انڈوں سے چوزے نکلیں گے۔ چوزوں سے پھر مرغیاں بنیں گی۔ ان مرغیوں کو بیچ کر میں ایک بکری خریدلوں گا۔


بکری کے بچے ہوں گے۔اس طرح کئی
بکریاں ہوجائیں گی۔ان بکریوں کو بیچ کر
میں ایک گائے خریدوں گا۔





گائے کا دودھ بیچوں گا اور
خوب پیسے کماؤں گا۔

اگر گائے دودھ نہ دے تو اُسے ڈنڈے سے
ماروں گا۔خیالوں میں ہی اُس نے اپنے ہاتھ میں
پکڑا ہوا ڈنڈا گھمایا اور ڈنڈا سیدھے انڈوں کی
ٹوکری پر پڑا۔ سارے انڈے ٹوٹ گئے۔
بیچارا شیخ چلّی خیالوں کی دنیا سے باہر آیا اور
اپنی غلطی پر پچھتانے لگا۔






## سنیے - بولیے

(الف) سبق کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں۔

1. شیخ چلّی کے گاؤں کا نام کیا تھا؟
2. شیخ چلّی کیسا آدمی تھا؟
3. شیخ چلّی بکریاں بیچ کر کیا خریدنا چاہتا تھا؟
4. ٹوکری میں موجود انڈے کیسے ٹوٹ گئے؟
5. اگر آپ شیخ چلّی کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

SCERT TELANGANA




## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کی پہچان کروائیں اور تذکیر و تانیث سے واقف کروائیں۔


آدمی


عورت



لڑکی



مرغی



مرغ



لڑکا

(ب) تصویر کی مدد سے جملے پڑھوائیں۔

 انڈے دیتی ہے۔

 پودوں کو پانی دیتا ہے۔

 بانگ دیتا ہے۔

 کپڑے دھوتی ہے۔

 دودھ دیتی ہے۔

 کپڑے دھوتا ہے۔

(ج) ذیل کے الفاظ روانی سے پڑھوائیں۔


لڑکا ۔ لڑکی     گھوڑا ۔ گھوڑی

ٹوکرا ۔ ٹوکری     مور ۔ مورنی

بکرا ۔ بکری     بوڑھا ۔ بوڑھی

SCERT TELANGANA

(د) طلبا سے ان تصویروں کے نام اور ان کے مذکر یا مونث کہلوائیں۔






(ھ) ذیل کی کہانی پڑھوائیں اور مذکر' مونث الفاظ علاحدہ کروائیں۔

احمد کی سالگرہ تھی۔ اُس نے اپنے دوستوں کو دعوت دی۔ لڑکیاں اور لڑکے دعوت میں آئے۔ احمد کی ماں نے اپنے رشتہ داروں کو بلایا۔ نانا' نانی کیک لائے۔ چاچا' چاچی مٹھائی لے آئے اور ماموں' ممانی پھول لائے۔ احمد کی ماں نے بریانی پکائی۔

احمد نے گھر میں کچھ خرگوش پالے تھے۔ پنجرے میں طوطا اور مور بھی تھے اور کچھ کبوتر بھی تھے۔ لڑکوں نے خرگوش کو گاجر اور لڑکیوں نے طوطے کو جام کھلایا۔ مور اور کبوتروں کو دانہ کھلایا۔ تمام دوستوں نے مل کر بہت مزے اُڑائے۔ خوشی خوشی دعوت میں لذیذ کھانا کھایا اور گھر واپس چلے گئے۔

| مذکر | مونث |
| --- | --- |
| ______________ | ______________ |
| ______________ | ______________ |
| ______________ | ______________ |
| ______________ | ______________ |

SCERT TELANGANA




## لکھیے


(الف) تصاویر کی مدد سے جملے مکمل کروائیں۔

♦  ہمارا قومی پرندہ ہے۔ ♦  خوں خوں کرتا ہے۔

♦ ________ ہمارا قومی پرندہ ہے۔ ♦ ________ خوں خوں کرتا ہے۔

♦  چوہے کھاتی ہے۔ ♦  دودھ دیتی ہے۔

♦ ________ چوہے کھاتی ہے۔ ♦ ________ دودھ دیتی ہے۔

♦  دوڑتا ہے۔ ♦  بھونکتا ہے۔

♦ ________ دوڑتا ہے۔ ♦ ________ بھونکتا ہے۔

(ب) دی گئی تصاویر سے مذکر اور مونث کو الگ کروائیں اور لکھوائیں۔



| | مذکر | | مونث | |
|---|---|---|---|---|
| مثال: | مرغا | ________ | مرغی | ________ |
| | ________ | ________ | ________ | ________ |
| | ________ | ________ | ________ | ________ |
| | ________ | ________ | ________ | ________ |

SCERT TELANGANA

(ج) خالی جگہوں کو دیئے گئے مناسب الفاظ سے مکمل کروائیں۔

مثال: میری ___بہن___ بہت پیاری ہے۔ (بھائی۔بہن)

❖ ______ بانگ دیتا ہے۔ (مرغ۔مرغی) ❖ ______ کپڑے دھوتی ہے۔ (دھوبن۔دھوبی)

❖ ______ روٹی پکاتی ہے۔ (ماں۔بابا) ❖ ______ دوڑ رہا ہے۔ (لڑکا۔لڑکی)

❖ ______ بھونک رہا ہے۔ (کتا۔کتیا)

(د) طلبا اپنے مدرسہ میں کئی چیزیں دیکھتے ہیں۔ ان میں مذکر اور مونث کی نشان دہی کروائیں اور لکھوائیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| ♦ ______ | ______ |
| ♦ ______ | ______ |
| ♦ ______ | ______ |
| ♦ ______ | ______ |



روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی مونث چیزوں کی تصویریں اکٹھا کر کے چسپاں کروائیں اور نام لکھوائیں۔

SCERT TELANGANA